Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 — بدھ 22 جنوری 2025ء، 21 رجب المرجب 1446ھ ۔ قیمت 10 روپے — شمارہ 276

قتل و غارت کرنے والے پاکستان کے دشمن ہیں، وزیراعظم

چین جیسا دوست ملک جس نے اپنے وسائل سے یہ ایئرپورٹ تحفے میں دیا ہے، ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے، فتنۃ الخوارج کے حوالے سے جو قربانیاں دی جا رہی ہیں، چاہ کر بھی ان شہدا کا قرض نہیں اتار سکتے

حج کی آمد آمد ہے، امید ہے کہ اس بار پاکستانی حاجیوں کیلئے حج پر سکون ہوگا، غزہ میں بالآخر اتنی تباہی اور خوں ریزی کے بعد صرف 42 روز کیلئے جنگ بندی ہوئی، دعا ہے غزہ میں مستقل جنگ بندی ہو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گوادر پورٹ کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے، قتل و غارت کرنے والے بلوچستان کے عوام ہی نہیں پاکستان کے بھی دشمن ہیں، چین جیسا دوست ملک جس نے اپنے وسائل سے یہ ایئرپورٹ تحفے میں دیا ہے، ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے، فتنۃ الخوارج کے حوالے سے جو قربانیاں دی جا رہی ہیں، حکومت اور 24 کروڑ عوام چاہ کر بھی ان شہدا کا قرض نہیں اتار سکتے، حج کی آمد آمد ہے، امید ہے کہ اس بار پاکستانی حاجیوں کیلئے حج بہت پر سکون ثابت ہوگا، غزہ میں بالآخر اتنی تباہی اور خوں ریزی کے بعد صرف 42 روز کیلئے جنگ بندی ہوئی ہے، دعا ہے غزہ میں عارضی جنگ بندی مستقل جنگ بندی میں بدل جائے، پاکستان اپنے تئیں جو بھی کرسکتا ہے کرے گا۔ کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ غزہ میں بالآخر اتنی تباہی اور خوں ریزی کے بعد صرف 42 روز کے لیے جنگ بندی ہوئی ہے، اللہ سے دعا ہے کہ غزہ میں عارضی جنگ بندی مستقل جنگ بندی میں بدل جائے، 50 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہوئے، جن میں مائیں، بچے، ڈاکٹرز، انجینئرز اور نوجوان شامل ہیں، ہزاروں (بقیہ نمبر 4)





وزیر اعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے سیشن میں ایم این ایز سے میٹنگ کر رہے ہیں

26ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستیں 27 جنوری کو سماعت مقرر

سپریم کورٹ میں 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستیں 27 جنوری کو سماعت کیلئے مقرر کردی گئی ہیں

7 رکنی لارجر بینچ درخواستوں پر سماعت کریگا، رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے 27 جنوری کی سماعت کے نوٹسز جاری کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستیں 27 جنوری کو سماعت کیلئے مقرر کردی گئی ہیں۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ درخواستوں پر سماعت کریگا، رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے 27 جنوری کی سماعت کے نوٹسز جاری کر دیئے۔ 26ویں آئینی ترمیم کو تحریک انصاف، بار ایسوسی ایشن، بار کونسل نے چیلنج کیا تھا، 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف ا (بقیہ نمبر 59)

کیس فکس نہ کرنا جوڈیشل آرڈر نہ ماننا، توہین عدالت قرار

جسٹس منصور، جسٹس عائشہ اور جسٹس عقیل عباسی کا چیف جسٹس اور جسٹس امین الدین خان کو خط

انہیں کمیٹی میں پیش ہونے کی ضرورت نہیں ہے، کمیٹی پہلے والا بینچ تشکیل دے کر 20 جنوری کو سماعت فکس کرسکتی تھی

اسلام آباد (این این آئی) بینچز کے اختیارات کا کیس مقرر نہ ہونے کا معاملے پر جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو خط لکھ دیا۔ جسٹس منصور نے خط میں کہا کہ کیس فکس نہ کرنا جوڈیشل آرڈر کو نہ ماننے کے مترادف ہے، انہوں نے خط میں اس معاملے کو توہین عدالت قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق جسٹس امین الدین خان کو بھی تینوں (بقیہ نمبر 53)

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تاریخ کی پہلی بڑی کاروباری فنانس سکیم و آسان کاروبار کارڈ کا اجراء

آسان کاروبار فنانس سکیم کے تحت 36 ارب سے زائد بلاسود قرض فراہمی کی جائیگی، آسان کاروبار فنانس سکیم میں 10 لاکھ سے 3 کروڑ کے بلاسود قرضے دیئے جائیں گے

نوجوانوں کو خود روزگار کی طرف گامزن کرنا چاہتے ہیں، نوجوان معیشت کی بہتری میں آسان کاروبار سکیم کے ذریعے بھرپور کردار ادا کرے گا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں اپنی نوعیت کی پہلی اور سب سے بڑی کاروبار فنانس سکیم اور آسان کاروبار کارڈ کا اجراء کر دیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب آسان کاروبار سکیم کے تحت 84 ارب روپے اور آسان کاروبار کارڈ سکیم کیلئے 48 ارب روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب آسان کاروبار فنانس سکیم کے تحت 36 ارب سے زائد بلاسود قرض کی فراہمی کی جائے گی۔ آسان کاروبار فنانس سکیم میں 10 لاکھ سے 3 کروڑ روپے کے بلاسود قرضے دیئے جائیں گے۔ آسان کاروبار فنانس سکیم کے تحت قرض 5 سال کی آسان قسطوں میں واپس کرنا ہوگا۔ سکیم میں 25 سے 55 سال تک پنجاب کے رہائشی مرد و خواتین، ٹرانسجینڈر اور سپیشل (بقیہ نمبر 1)

ٹیکس فائلرز کی اہلیت کا جائزہ لینے کیلئے قائمہ کمیٹی خزانہ کی ذیلی کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے ٹیکس فائلرز کی اہلیت کے معاملے کا جائزہ لینے کے لیے ذیلی کمیٹی قائم کردی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں قائمہ (بقیہ نمبر 3)

ٹرمپ کی ٹیرف اور ٹیکس پالیسی پر یورپی یونین کا ردعمل آگیا

یورپی یونین نے ملائیشیا کے ساتھ بھی فری ٹریڈ ڈیل پر مذاکرات بحال کرنیکا اعلان کردیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ٹیرف اور ٹیکس پالیسی پر یورپی یونین کے اقتصادی کمشنر نے کہا ہے کہ اقتصادی مفادات کے دفاع کی ضرورت پڑی تو ہم تیار ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے پچھلے دور میں عائد پابندیوں کا مناسب (بقیہ نمبر 55)



ڈی جی ہاؤسنگ اتھارٹی بارہ کہو میں پروجیکٹ گرین انکلیو ii’ سکائی گارڈن کا معائنہ کر رہے ہیں

DG ہاؤسنگ اتھارٹی کا گرین انکلیو II’ سکائی گارڈن کا دورہ

ڈائریکٹر جنرل ظفر اقبال نے سینئر افسران کی انتھک محنت پر ان کی تعریف کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزارت ہاؤسنگ و تعمیرات کے ذیلی ادارے ایف جی ای ہاؤسنگ اتھارٹی جو کہ سرکاری ملازمین کو کم لاگت ہاؤسنگ منصوبے مہیا کرتا ہے۔ ہاؤسنگ اتھارٹی کے پروجیکٹ گرین انکلیو-II بارہ کہو اسلام آباد جو کہ (سکائی گارڈن) کے ساتھ جوائنٹ وینچر ہے۔ مشترکہ محنت کے نتیجے میں گرین انکلیو-II کے پہلے حصے کا کام تیزی سے پایہ تکمیل کو پہنچ رہا ہے۔ یہ پروجیکٹ تقریباً 11 ہزار کنال پر مشتمل ہے اور اس میں تقریباً 2403 کنال پر ترقیاتی کام سال 2025 کے آخر تک مکمل کر لیا جائے گا۔ فیز ون کے اچ (بقیہ نمبر 2)

PARC چیئرمین تعیناتی کالعدم قرار دینے کا فیصلہ چیلنج

عہدے سے ہٹائے گئے ڈاکٹر غلام محمد علی کی جانب سے سنگل بینچ کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل دائر کی گئی

ڈاکٹر غلام علی نے انٹرا کورٹ اپیل میں سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کر کے عہدے پر بحال کرنے کی استدعا کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل کی تعیناتی کالعدم قرار دینے کا سنگل بینچ کا فیصلہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ عہدے سے ہٹائے گئے ڈاکٹر غلام محمد علی کی جانب سے سنگل بینچ کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل دائر کی گئی۔ ڈاکٹر غلام محمد علی کی انٹرا کورٹ اپیل آج سماعت کے لیے مقرر کر لی گئی۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس انعام امین منہاس آج (بقیہ نمبر 64)

خواتین سمیت منشیات فروش گروہ کے 8 کارندے گرفتار

لاہور (این این آئی) پولیس نے خواتین سمیت منشیات فروش گروہ کے 8 کارندے گرفتار کر کے کروڑوں مالیت کی چرس برآمد کر لی۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق کی (بقیہ نمبر 8)

مسافر ٹرین کے دروازے میں کھڑے ہو کر سفر کر رہے ہیں جو کسی بھی ناخوشگوار حادثے کا شکار ہو سکتے ہیں

سپیکر ملک احمد سے ایران کے رکن پارلیمنٹ کی وفد کے ہمراہ ملاقات

قونصل جنرل ایران لاہور مہران موحد فر سمیت دیگر کی شرکت، پارلیمانی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال

ایران اور پاکستان کے درمیان مذہبی تعلقات ہیں، پارلیمانی رابطے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں کردار ادا کریں گے

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے ایران کی پارلیمنٹ کے رکن محمد میرزائی ایران کی قیادت میں وفد نے اسمبلی چیمبر میں ملاقات کی۔ ایرانی پارلیمانی وفد میں علی اکبر علی زادہ بورمی، امیر حسین ثابتی مونفرد اور علی معروفی شامل تھے، ملاقات میں قونصل جنرل ایران لاہور مہران موحد فر، مسٹر حسینی اور علی اصغر مسعودی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پارلیمانی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ (بقیہ نمبر 67)

GOVERNMENT OF THE PUNJAB
Specialized Healthcare & Medical Education Department

وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ سے ضمانت خارج ہونے کے بعد ملزم نے سپریم کورٹ سے رجوع کرلیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ سے ضمانت خارج ہونے کے بعد ملزم نے ضمانت کیلئے سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا، سپریم کورٹ نے اقدام قتل کے ملزم محمد اسماعیل (بقیہ نمبر 9)

تجاوزات کے خلاف دوسرے دن بھی آپریشن جاری

ریلوے روڈ سکھو روڈ پر نجی بیٹھکوں سمیت دیگر پختہ غیر قانونی تجاوزات تھڑے مسمار

ہوٹلز و کھابہ مالکان کو کاؤنٹرز شٹرز کے اندر رکھنے کی ہدایات

آپریشن غیر معینہ مدت تک جاری رہے گا، ڈاکٹر چاند مبین

گوجرخان (قمر شہزاد) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ کی ہدایات پر گوجرخان میں دوسرے روز بھی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری اچکے آپریشن میں بلدیہ ملازمین سمیت انچارج ٹریفک صدر سرکل انسپکٹر چوہدری قاسم، انسپکٹر شاہد، انسپکٹر خبیب اور دیگر وارڈن افسران بھی شامل تھے، بلدیہ ریگولیشن آفیسر ڈاکٹر چاند مبین اور انفورسمنٹ ٹیم نے ریلوے روڈ سے آپریشن کا آغاز کرتے ہوئے چوک میں بنے غیر قانونی تھڑوں نجی بیٹھکوں کے باہر لگی ریلنگ اور جنگلوں کو مسمار کرتے ہوئے راستوں میں رکھے کاؤنٹرز، دیگر سامان اور ریڑھیاں ٹرالیوں میں ڈال کر بلدیہ آفس میں منتقل کیے مزید براں قصائی گلی سکھو روڈ پر بھی تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران کاؤ (بقیہ نمبر 7)

خواجہ سلمان رفیق انوائرمنٹ انسپکٹر کی ریفریشر ٹریننگ کے دوران تعریفی اسناد تقسیم کر رہے ہیں

وزیراعظم کے اسمبلی میں پہنچتے ہی اپوزیشن کا احتجاج

اپوزیشن کے نعروں کے جواب میں حکومتی ارکان نے ’شیر آیا، شیر آیا‘ کے نعرے لگائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے قومی اسمبلی میں پہنچتے ہی اپوزیشن نے احتجاج کرتے ہوئے نعرے لگائے، اپوزیشن کے نعروں کے جواب میں حکومتی ارکان نے ’شیر آیا، شیر آیا‘ کے نعرے لگائے۔ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی پہنچے تو (بقیہ نمبر 5)

واپڈا کی تاریں اور ٹرانسفارمر چوری کرنے والا گروہ گرفتار

لاہور (این این آئی) واپڈا کی تاریں اور ٹرانسفارمر چوری کرنے والے گروہ کے ارکان کو گرفتار کر لیا گیا۔ فیصل ٹاؤن پولیس نے خفیہ اطلاع پر کوٹھا پنڈ میں کارروائی (بقیہ نمبر 60)

غذائی قلت پاکستان کو سالانہ 17 ارب ڈالر کا نقصان پہنچانے لگی

عالمی ادارہ صحت کے اہداف کے مطابق 2025ء تک قد ذہنی نشونما کی کمی کو 40 فیصد تک کم کرنا ضروری ہے

پاکستان میں پانچ سال سے کم عمر کے 34 فیصد بچے قد کی کمی کا شکار ہیں 22 فیصد نومولود بچوں کا وزن پیدائش کے وقت کم ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں غذائی قلت سالانہ 17 ارب ڈالر کا نقصان پہنچانے لگی، غیر سرکاری تنظیم نیوٹریشن انٹرنیشنل کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غذائی قلت کے سنگین مسئلے کے باعث قومی معیشت کو سالانہ 17 ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا (بقیہ نمبر 6)

ڈسٹرکٹ پولیس لائن ننکانہ میں جنرل پریڈ کا انعقاد

ننکانہ صاحب (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن ننکانہ میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس نے جنرل پریڈ میں سلامی لی اور پریڈ کا معائنہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نے پریڈ (بقیہ نمبر 50)

کرم؛ قیام امن کیلئے آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا، 8 بنکرز مسمار

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شورش زدہ قبائلی ضلع کرم میں قیام امن کے لیے آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن میں اب تک 8 بنکرز (بقیہ نمبر 63)

ٹرمپ انتظامیہ کیساتھ مکالمے کیلئے تیار ہوں، پیوٹن

روس کیساتھ رابطوں کے حوالے سے ٹرمپ کی خواہش کا خیر مقدم کرتے ہیں

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادی میر پیوٹن نے اعلان کیا ہے کہ وہ منتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پوتین نے کہا کہ ہم روس کے ساتھ براہ راست رابطوں کے حوالے (بقیہ نمبر 62)

فارن فنڈنگ کیس 8 سال لٹکایا گیا، اکبر ایس بابر

یہ کس طرح پی ٹی آئی کے وسائل استعمال کر رہے ہیں، تمام اکاؤنٹس فریز کیے جائیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے منحرف رہنما اکبر ایس بابر نے کہا ہے کہ جیسے فارن فنڈنگ کیس کو 8 سال لٹکایا ویسے ہی انٹرا پارٹی کیس کو بھی لٹکایا جا رہا ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا الیکشن فراڈ پر ہوا، جیسے فارن فنڈنگ کیس کو 8 سال لٹکایا ویسے ہی انٹرا پارٹی کیس کو لٹکایا (بقیہ نمبر 58)

دو خاندان عمران خان کو عوام کے دلوں سے نہیں نکال سکے، محمد حسین

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ دو خاندان عمران خان کو عوام کے دلوں سے نہیں نکال سکے، پوری دنیا جانتی (بقیہ نمبر 54)

غزہ پٹی کیلئے امارات کی امداد کی سب سے بڑی کارروائی

قافلہ غزہ کی پٹی میں درپیش مشکل انسانی صورت حال کے نتیجے میں سہارا فراہم کریگا

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے فائر بندی کے معاہدے کے اعلان کیساتھ ہی غزہ کی پٹی کی آبادی کیلئے امدادی قافلہ روانہ کر دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ قافلہ 20 ٹرکوں پر مشتمل ہے جن پر 200 ٹن سے زیادہ امدادی سامان موجود ہے۔ ان میں اشیا، (بقیہ نمبر 56)

آئی جی پنجاب 1787 کمپلینٹ سنٹر پر شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

کشمور پولیس کی کامیاب کارروائی دو مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرالیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ کے علاقے سے دو افراد دوستی کے جھانسے کچے کی طرف گئے تھے اور اغوا ہوئے۔ آج کشمور پولیس نے تھانہ کرمپور پی پی جمال کے کچے کے علاقے سے دونوں مغویوں کو بازیاب کرا لیا۔ فیض اللہ مزاری ولد اسلم مزاری *عبد الخالق مزاری ولد جلال دین مزاری* پی پی جمال کے حدود میں خفیہ اطلاع پر کشمور پولیس نے کچے کے علاقے میں کارروائی کی۔ ایجنسیس بیسڈ کارروائی کے دوران دو مغویوں کو کچے کے علاقے سے بازیاب کرالیا۔ کشمو (بقیہ نمبر 57)

پنڈ دادنخان اور کھیوڑہ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن

کھیوڑہ میں تاجروں نے رضاکارانہ طور پر تجاوزات ہٹانے شروع کر دیے

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق پنڈ دادنخان اور کھیوڑہ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف انتظامیہ کا گرینڈ آپریشن جاری ناجائز تجاوزات کو ہٹا دیا گیا اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان میڈم نادیہ پروین کھیوڑہ اور پنڈ دادنخان کے مختلف پوائنٹ کا وزٹ کیا اور انتظامیہ کو کسی بھی تاجر کو نقصان پہنچائے بغیر بلا تفریق کا آپریشن جاری رکھنے کا حکم دیا اور کسی بھی دکان کے سامنے صرف دو فٹ استعمال کرنے کی اجازت دی زرائع کے مطابق کھیوڑہ میں تاجروں نے رضاکارانہ طور پر اپنی دکانوں کے سامنے سے تجاوزات ہٹانے اور شیڈ اتارنے شروع کر دیے جب کہ پہلے پنڈ دادنخان میں تاجر برادری اور انتظامیہ میں کشیدگی پائی جا رہی ہے تاجروں کا کہنا ہے ہم رضاکارانہ طور پر تجاوزات کو ختم کر رہے ہیں جبکہ انتظامیہ زبردستی ہمارے آویزاں بورڈز کو اتار رہی (بقیہ نمبر 46)

ٹرمپ کو عمران خان سے ضرور ہمدردی ہوگی، مشاہد حسین

پاکستان کو دانشمندی کیساتھ امریکہ کے سامنے اپنا موقف پیش کرنا ہوگا

لاہور (این این آئی) سابق سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے پہلے خطاب میں منافقت کی بجائے سچی باتیں کیں، نومنتخب صدر پہلے 100 دنوں میں چین کا دورہ بھی کریں گے، پاکستان کو دانشمندی کے ساتھ امریکہ کے سامنے اپنا موقف پیش کرنا ہوگا، بانی پی ٹی آئی کا نمبر بھی آئے گا، ڈونلڈ ٹرمپ بھی عمران خان والے پراسس سے (بقیہ نمبر 65)

مدارس اسلام کے قلعے، روحانی تربیت کے مراکز ہیں

حکومت و عوام سے اپیل ہے مدارس کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں اپنا کردار ادا کریں

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ مدارس اسلام کے قلعے اور روحانی تربیت کے مراکز ہیں، علما کرام اپنی دینی تعلیمات کے ذریعے نوجوان نسل کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، حکومت اور عوام سے بھی اپیل ہے کہ وہ مدارس کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں اپنا کردار (بقیہ نمبر 66)

ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی ظہیر عباس لاہور سپریم کورٹ رجسٹری برانچ کی بحالی و تحفظ بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

AWAMI HOST
A WHOLE SALE HOSTING COMPANY
Visit now: www.awamihost.top

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پانڈا بانڈز کا اجرا

حالیہ برسوں میں پاکستان جن شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہے، اسکا اندازہ 2023 کے وسط میں 38 فیصد کی بلند ترین سطح پر پہنچنے والی مہنگائی سے لگایا جاسکتا ہے، جس سے عام آدمی کی قوت خرید تو کجا، اس کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوگیا۔ مارچ 2024 میں حکومت نے آئی ایم ایف پروگرام کے تحت معاشی اصلاحات پروگرام شروع کیا، جس کی بدولت دسمبر تک مہنگائی 4.1 فیصد تک کم ہوگئی ، جس سے روزمرہ اشیائے ضروریہ کے حصول میں غریب آدمی کو کسی قدر ریلیف ملا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں حکومتی اقدامات کے تحت دیوالیہ پن کی صورتحال سے نکلنے کے بعد پاکستان کی معیشت استحکام کی جانب بڑھ رہی ہیاور عالمی ادارے اپنی رپورٹوں میں مثبت اشارہ یدیرہے ہیں۔ تاہم بین الاقوامی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے بہت سے اقدامات بروئے کار لائے جانے کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔ بانڈز کا اجرا کیپٹل مارکیٹ کا ایک اہم جزو ہے، جو حکومتوں، کارپوریشنوں اور دوسرے اداروں کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتا ہیدنیا بھر میں کم خطرات اور متوقع منافع کیلئیہ اہم قرار دیے جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سیانہیں محتاط سرمایہ کاروں اور ادارہ جاتی پورٹ فولیوز کا ایک اہم جزو سمجھا جاتا ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگ زیب نے گزشتہ برس اپنے دورہ چین کے دوران حکومت پاکستان کی طرف سے پانڈا بانڈز کے اجرا کا عندیہ دیا تھا اور اب، اتوار کے روز ہانگ کانگ کے ٹی وی نیوز چینل سے گفتگو کے دوران انہوں نے جون 2025 سے اسکے اجرا کا اعلان کیا ہے۔ وزیرخزانہ کے مطابق اس اقدام سے نہ صرف چین کے ساتھ مالی تعلقات کو ایک نئی جہت ملے گی ،توقع ہے کہ پانڈا بانڈز کے اجرا سے چینی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کی طرف راغب ہونگے۔ چین کی کیپٹل مارکیٹوں کیلئے جاری کیے جانے والیپانڈا بانڈز کی خاص بات، اس کی اپنی کرنسی یوآن میں 200 ملین ڈالرز کا ہدف پورا کرنا ہے، جس سے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر متنوع بنانے میں مدد ملے گی۔ موجودہ زمینی صورتحال کے مطابق پاکستان کو اس وقت بیرونی قرضوں کی بمع سود، ادائیگی میں ایک تخمینے کے مطابق اوسطاً 25 ارب ڈالر سالانہ ادا کرنے پڑ رہے ہیں، جبکہ آئی ایم ایف، دوسرے مالیاتی اداروں اور دوست ممالک سے ملنے والے نئے اور سابقہ قرضوں کی ادائیگی کیلئے یہ رقم پوری کرنا محال ہورہا ہے۔ دوسری طرف اندرون ملک تمام تر وسائل اور سرکاری مشینری ہونے کے باوجود نہ تو ریونیو کے اہداف پورے ہورہے ہیں اور نہ ہی ابھی تک ایف بی آر کو ٹیکس نیٹ بڑھانے کے حوصلہ افزا نتائج مل سکے۔ وفاقی وزیرخزانہ کے مطابق حکومت معیشت کی بنیاد کو پائیدار بنانے کی طرف توجہ مرکوز کررہی ہے، تاکہ مارکیٹ پر مبنی ایف ڈی آئی پاکستان میں آئے، کیونکہ یہی وہ چیز ہے جو ادائیگیوں کے توازن میں استحکام لاسکے گی۔ درپیش صورتحال میں بیرونی قرضے اور ترسیلات زر اپنی جگہ اہم ہیں تاہم اس مد میں آنے والا زرمبادلہ قومی آمدنی کے مطلوبہ حجم سے مطابقت نہیں رکھتا۔ بانڈز کا اجرا حکومت کیلئے بلاشبہ ایک محفوظ سرمایہ کاری ہیاور اس کے علاوہ بھی حکومت کے پاس بہت سے آپشن موجود ہیں جن کی بدولت ملک میں سرمایہ کاری کو فروغ مل سکتا ہے۔ بہت سے ملکوں کی مثالیں ہمارے سامنے موجود ہیں جنھوں نے نئے وسائل پیدا کرکے اقتصادی ترقی کی اور فی کس آمدنی بڑھائی۔ وزیرخزانہ کے متذکرہ بیان کی روشنی میں یہ بات بجا ہے کہ پانڈا بانڈ کا اجرا امریکی ڈالر پر دارومدار کم کرنے میں مدد دے گا۔ امید ہے کہ اس اقدام کی روشنی میں پاکستان چین کیلئے اپنی برآمدات کا حجم خاطر خواہ بڑھانے کی بھی سعی کرے گا۔

!!!صدائے گوجرخان !!!مٹ جائے گی مخلوق تو انصاف کرو گے

تحریر: قمر شہزاد

گوجرخان شہر گزشتہ دو سال کے دوران لاء اینڈ آرڈر کی گھمبیر صورتحال اور شدید بدامنی کی لپیٹ میں رہا جس میں متعدد قتل غارت گری کے واقعات، چوری ڈکیتی سرقہ بالجبر وہیکل لفٹنگ، زمینوں پر ناجائز قبضوں نے ایڈمنسٹریشن، پولیس، بالخصوص ضلعی انتظامی افسران کی کلی کھول کر رکھ دی کمشنر راولپنڈی اور ڈی سی راولپنڈی نے گوجرخان شہر سے گزر کر نواحی قصبے کونتریلہ کے متعدد وزٹس کیے مگر گوجرخان میں رکنا گوارا نہیں کیا تحصیل کو ایسے مسلسل نظر انداز کرنا کہیں سوالات کو جنم دے رہا ہے جبکہ ہاوسنگ سوسائٹیز کا قیام عمل میں آنے کے بعد سے سرکل گوجرخان کے حالات دن بدن ابتر ہوتے جا رہے ہیں، حالیہ واقعات میں دو مقامی لینڈ پروائیڈرز جن میں گزشتہ ماہ دسمبر 2024 میں نیو میٹرو سٹی گوجرخان میں ایک فنکشن کے دوران فائرنگ کے واقعے میں ہاوسنگ سوسائٹی کا انویسٹر پراپرٹی ڈیلر عبدالرحمان جامی جو اپنے والدین کا واحد سہارا تھا وہ جان کی بازی ہار گیا جبکہ چند دن قبل اسی کیس میں نامزد ملزم اور میگا سٹی گوجرخان کا اونر اور سیاسی شخصیت جواں سالہ راجہ دانیال کیانی انسداد دہشت گردی کی عدالت میں ضمانت کے سلسلے میں پیشی پر گیا مگر عدالت سے نکل کر گھر واپسی کے لیے گاڑی کے قریب پہنچا تو گھات لگائے شوٹر نے احساس ایریا میں اسکو قتل کر دیا جبکہ اسکے ہمراہی کو زخمی کر دیا، اور ملزمان نے دیدہ دلیری سے فرار ہو کر احساس ایریا کے سکیورٹی انتظامات کو چار چاند لگا دیئے اس کے باوجود حکام بالا خاص کر کمشنر راولپنڈی، آر پی او، اور سی پی او راولپنڈی نے گزشتہ تمام تر عرصے کی نزاکت کو کبھی نہ سمجھتے ہوئے گوجرخان میں کبھی کھلی کچہریاں لگا کر یہاں کے باسیوں کو سننا مناسب نہ سمجھا بلکہ نظر آنے والے عوامی مسائل کو تا حال پس پشت ڈالا ہوا ہے اسے ان کی بیبسی سمجھا جائے یا پھر لاپرواہی جبکہ دوسری جانب ہمارے منتخب عوامی نمائندگان نے بھی ان اعلی افسران کو کبھی یہ باور کروانے کی زحمت گوارا نہیں کی کہ وہ گوجرخان میں کھلی کچہریز لگا کر لوگوں کے مسائل سنیں جس سے ایک بات تو عیاں ہو گئی کہ تحصیل گوجرخان ایک لاوارث تحصیل ہے جسکے باسی بیشمار مسائل کا شکار ہیں مگر انکو ممکنہ طور پر نظر انداز کروایا جا رہا ہے، عوامی نمائندگان کے مصاحبوں کے اگر مسائل ہوں تو ان پر اسمبلی میں معاملہ قراردادوں کے ذریعے اٹھایا جاتا ہے جبکہ غیر قانونی سوسائٹیز نے لوگوں سے اربوں روپے نکلوا لیے اس پر مقامی سیاستدانوں نے کبھی بولنا گوارا نہیں کیا حتی کہ سرکاری علاج گاہوں اور خاص کر لینڈ ڈیپارٹمنٹ گوجرخان جہاں لوٹ مار کا بازار گرم ہے پر چپ سادھنا سمجھ سے بالاتر ہے جہاں کرپشن کیساتھ ساتھ عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے ہمارے لوگ انصاف کے لیے اداروں میں دھکے اور دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ ایسی کون سی خفیہ قوتیں ہیں جنکی وجہ سے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے اعلی حکام نے چشم پوشی اختیار کی ہوئی ہے، دوسری جانب عوام کے ووٹس سے منتخب ہونے والے نمائندگان جنہوں نے اپنے ووٹرز کے مسائل کو حکومتی ایوانوں میں اجاگر کرنا ہوتا ہے انکی ایسی کیا مجبوری ہے کہ انھوں نے اپنے لوگوں کو سر دست بیچ چوراہے میں چھوڑا ہوا ہے، تحصیل گوجرخان کا کوئی ایک ادارہ ایسا نہیں جس میں مقامی لوگ آئے روز ذلیل و خوار نہیں ہو رہے، تحصیل آفس، پٹوار خانہ ہو یا آراضی ریکارڈ سنٹر، پولیس سٹیشن، ٹریفک پولیس ہو یا سرکاری ہسپتال یا سرکاری کالج وسکول، واپڈا، سوئی گیس دفتر ہو یا میونسپل کمیٹی، ایف بی آر ہو یا نادرا آفس، سرکاری بنک ہو یا پھر پاسپورٹ آفس ہر جگہ شہریوں کو بھیڑ بکریاں سمجھا جاتا ہے عوام کو انکے حقوق نہیں دیے جاتے اداروں میں بیٹھے افسران فرعون بنے بیٹھے ہیں ہر جگہ کرپشن اور لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے، گھروں میں چور ڈکیت لوٹ رہے شہر کے چوک چوراہوں میں وہیکل لفٹرز جبکہ اداروں میں افسران شاہی اور انکا ماتحت عملہ لوٹ رہا ہے، پٹوار خانہ رجسٹری مال خانہ، مبینہ طور پر کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے ہر جائز ناجائز کام کے لیے پیسوں کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا جبکہ محکمہ واپڈا میں اس سے ملتی جلتی صورتحال ہے جہاں فائلوں کے باقاعدہ ریٹ مقرر ہیں جو پیسے نہیں دیتا اسکا جائز کام بھی نہیں ہوتا رشوت کی چاشنی دینے والوں کے ناجائز کام بھی ہو جاتے ہیں سرکاری ہسپتالوں میں لوگوں کیساتھ ناروا سلوک عام ہے ڈاکٹرز جو مسیحا سمجھا جاتا ہے اس نے صرف پیسے کی خاطر ایمان فروخت کیا ہوا ہے، جبکہ محکمہ صحت کے اعلی حکام سب کچھ جانتے ہوئے بھی انجان بنے بیٹھے ہیں، صحت سہولت پروگرام کی دوائیوں میں بھی حقداروں کو محروم رکھا جاتا ہے، سی سیکشن کے نام پر لواحقین سے مبینہ طور پر خون لے لیا جاتا ہے مگر لگانے کی نوبت بہت ہی کم دیکھنے کو ملتی ہے، ڈیوٹی روسٹرز میں بھی من پسند لوگوں کو نوازا جاتا ہے، لیب ٹیسٹوں کے لیے عموما خواتین کو خوار کر کے کمیشن کے لیے ہسپتال کے باہر موجود لیبز میں بھیجا جاتا ہے وہی فارماسوٹیکل کمپنیز سے مفادات لیے جاتے ہیں ممکنہ طور ٹینڈرز کے نام پر بھی خورد برد کی جاتی ہے، ان سب میں مبینہ طور پر اوپر تک سر دست پست پناہی شامل ہے، ایسے ہی حالات ٹی ایم اے کے بھی ہے، جبکہ پولیس نے بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے میں پیش پیش ہے، تحصیل گوجرخان وہ سونے کی چڑیا ہے جو یہاں ایک بار آتا ہے اسکا یہاں سے جانے کا دل نہیں کرتا اگر تبادلہ ہو بھی جائے تو دوبارہ پھر یہاں آنے کو ترجیح دی جاتی ہے تمام اداروں کا ریکارڈ اگر اٹھا کر دیکھا جائے تو بیشتر اداروں میں مقامی لوگ عرصہ دارز سے تعینات ہیں چند ایک میں اعلی سیٹوں پر مقامی لوگ مبینہ طور پر سیاسی سفارش یا رشوت ستانی کے ذریعے دوبارہ تبادلہ کروالیتے ہیں اور اس سونے کی کان کو بار بار کھودتے ہیں آخر کب تک ایسا چلتا رہے گا کب تک لوگوں کے حقوق کا استحصال ہوتا رہے گا نمائندگان کب اپنے مفادات کو چھوڑ عوامی مفادات کو ترجیح دیں کام نہ کرنے والے یا کرپٹ افسران و اہلکاروں کی پشت پناہی کرنے کے بجائے کب انکو عوام کی فلاح و بہبود اور سہولت کی خاطر یہاں سے نکلوا پھینکوائیں گے، کب ہمارے باسیوں کی قسمت بدلے گی کب میرٹ یقینی بنایا جائے گا، کب صاف شفاف طریقے سے قانون کی رٹ قائم ہوگی کب طاقتور اور کمزور کے لیے ایک قانون ہوگا۔

گوجرخان
GUJAR KHAN

موریطانیہ کشتی حادثہ

تحریر: تنویر اقبال لاہور

ایک اندازے کے مطابق ہر سال غربت، بے روزگاری کے ہاتھوں مجبور تقریباً 20 ہزار لوگ غیر قانونی طور پر پاکستان سے یورپ اور دوسرے ملکوں میں جاتے ھیں۔ عام روٹ جو اس مضموم دھندے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے وہ بلوچستان سے ایران سے ترکی اور پھر ترکی سے بذریعہ سمندری راستہ یونان یا پھر اٹلی کے لیے ڈنکی لگائی جاتی ہے۔ ہر سال روشن مستقبل کا خواب آنکھوں میں سجائے کتنے ھی لوگ موت کی وادی میں اتر جاتے ھیں۔ حال ہی میں مغربی افریقہ کے ملک ماریطانیہ سے اسپین جانے والی تارکین وطن کی کشتی ایک افسوسناک حادثے کا شکار ہو گئی۔ جس میں چوالیس پاکستانیوں سمیت پچاس افراد لقمہ اجل بن گئے۔ اس سے پہلے بھی گزشتہ مہینے بھی تقریباً 40 پاکستانی یونان میں مختلف کشتیوں کو پیش آئے حادثات میں جاں بحق ہو گئے تھے۔ 2023 میں بھی یونان میں ھی کشتی ڈوبنے کا ایک بہت بڑا حادثہ پیش آیا جس میں 300 کے قریب لوگ اپنی زندگی سے ھاتھ دھو بیٹھے۔ دنیا کے کئی ممالک کی طرح پاکستان کو بھی انسانی اسمگلنگ کے مسئلے کا سامنا ہے۔ عالمی تنظیم آئی۔او۔ایم کی ایک رپورٹ کے مطابق نہ صرف پاکستانی بلکہ افغانستان، بنگلہ دیش اور خطے کے کئی دوسرے ممالک کے افراد بھی موت کے سوداگروں کے ھتھے چڑھ کر اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ تارکین وطن میں سب سے بڑی تعداد پاکستانی نوجوانوں کی ہوتی ھے۔ اس کے علاوہ ہیومین ٹریفکنگ کا نشانہ بننے والے پاکستانی باشندوں میں بڑی تعداد بچیوں اور خواتین کی ہوتی ھے۔ اربوں ڈالر سالانہ کے اس غیر قانونی دھندے میں انسانی سمگلروں کے ساتھ ساتھ انکے سرکاری سہولت کار بھی موجود ہیں جن کی مدد کے بغیر یہ مکروہ فعل سر انجام نہیں دیا جاسکتا۔ یہ بات نہیں ہے کہ وطن عزیز میں انسانی سمگلنگ روکنے کے لیے قانون موجود نہیں ہیں۔ بلکہ اصل بات ان قوانین پر عملدرآمد اور clearty کی ھے۔ پاکستان میں تعزیرات پاکستان میں حبسِ بے جا میں رکھ کر بیگار لینا، جنسی مقاصد کے لیے بچوں کی تجارت اور آزاد شہری کو غلام بنانے کی سخت ممانعت ہے۔ اس کے مرتکب افراد کے لیے سخت سزائیں متعین ھیں۔ اس کے علاوہ Bound Labor System Abolition Act, Prevention and Control of Human Trafficking Ordinance اور Emigration Act موجود ہیں۔ انسانی اسمگلنگ پر قابو پانے میں ناکامی کی اصل وجہ ان قوانین پر عملدرآمد نہ ہونا ھے۔ ایک دوسرا اہم پہلو اس مسئلے کا یہ بھی ہے کہ آخر وہ کیا وجہ ھے لوگ لاکھوں روپے خرچ کر کے بھی زندگی اور موت کا یہ کھیل کھیلنے پر مجبور ھیں۔ اس کی ایک سیدھی سی وجہ تو بہتر مستقبل کی تلاش ھے۔ دوسری وجہ شاید Rule of Law ھے وھاں پر ہر فرد کو اسکی محنت کا مکمل معاوضہ ملتا ہے۔ ترقی کے یکساں مواقع موجود ہیں۔ کام کرنے والے کو وھاں کمی کمین نہیں سمجھا جاتا۔ حکومت پاکستان کو یقیناً معاملے کی سنگینی کا احساس ھے۔ وزیراعظم پاکستان اور صدر پاکستان نے انسانی سمگلروں سے آہنی ھاتھوں سے نمٹنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ لاکھوں روپے لے کر لوگوں کے جوان بیٹوں کو موت کے منہ میں دھکیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہ ھیں۔ اس قبیح دھندے کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ اس ٹھوس اقدامات وقت کی اہم ضرورت ھیں جن سے نہ صرف انسانی سمگلروں بلکہ انکے سہولت کاروں کو بھی نشان عبرت بنایا جاسکے۔ اس کے ساتھ ساتھ نوجوانوں میں بھی شعور اور آگاہی کے لئے اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔ نوجوانوں کو بتایا جائے کہ وہ کسی بھی ملک کی زبان سیکھ کر اور کوئی بھی ایک ھنر سیکھ کر قانونی طریقے سے کم پیسوں میں عزت کے ساتھ بیرون ملک جاسکتے ھیں۔ جس سے نہ صرف انکے لئے آسانیاں ھوں گی بلکہ انکے خاندان بھی پریشانیوں سے محفوظ رہیں گے۔ قانونی طریقے سے ھنر کے ساتھ بیرون ملک جاکر نوجوان اپنے ملک کی عزت میں بھی اضافے کا سبب بنے گے۔ حکومت وقت کو بھی چاہیے کہ ملک کے اندر ھی نوجوانوں کے لیے پرکشش پروگرام شروع کرے تا کہ غیر قانونی طور پر بیرون ملک جانے کے رجحان کو ختم کیا جاسکے۔ Rule of Law اور قانون پر عمل درآمد بھی اس مسئلے پر قابو پانے کے لیے ناگزیر ہے درست سمت میں اٹھائے گئے قدم یقیناً مثبت نتائج کے حامل ثابت ہوں گے۔

یونانی کشتی کا سانحہ: انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی امیگریشن کی تلخ حقیقتیں

تحریر: کنزہ اشرف

یونانی کشتی کے المناک سانحے نے ایک بار پھر انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی نقل مکانی کی خوفناک حقیقتوں کو بے نقاب کر دیا ہے۔ یہ واقعہ دنیا بھر کے معاشروں کو جھنجوڑتے ہوئے اس بات کی یاد دہانی کراتا ہے کہ غیر قانونی امیگریشن نہ صرف ایک خطرناک راستہ ہے بلکہ انسانی جانوں کے ضیاع، استحصال اور بربادی کا سبب بھی بنتا ہے۔ اکثر غربت، بے روزگاری اور بہتر مستقبل کی خواہش کا شکار افراد ان اسمگلروں کے جھانسے میں آجاتے ہیں جو جھوٹے وعدوں کے پیچھے اپنی لالچ اور بے حسی چھپائے ہوتے ہیں۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے ان مقامات کی نشاندہی کی ہے جہاں یہ مجرمانہ نیٹ ورک سرگرم ہیں۔ یہ گروہ معصوم افراد کو بہتر مستقبل کے خواب دکھا کر ان سے بھاری رقم بٹورتے ہیں اور انہیں غیر انسانی حالات میں منتقل کرتے ہیں۔ افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ ان خوابوں کی تعبیر اکثر المناک ہوتی ہے، جیسا کہ یونانی کشتی کے سانحے میں ہوا، جہاں اسمگلروں کی لاپرواہی اور لالچ کی بدولت بے شمار معصوم زندگیاں سمندر کی گہرائیوں میں ڈوب گئیں۔ اس سنگین مسئلے کا حل غیر قانونی امیگریشن کی سخت حوصلہ شکنی اور امیگریشن قوانین پر مکمل عمل درآمد میں ہے۔ یہ ضروری ہے کہ عوام کو آگاہ کیا جائے کہ غیر قانونی راستے نہ صرف ان کی جان کو خطرے میں ڈالتے ہیں بلکہ ان کے خاندانوں کو بھی بے شمار مشکلات سے دوچار کرتے ہیں۔ اس کے برعکس، قانونی امیگریشن ایک محفوظ اور باوقار راستہ ہے جو عزت، احترام اور پائیدار مواقع فراہم کرتا ہے۔ قومی ادارے جیسے PMYP، NAVTTC، اور بیورو آف امیگریشن اس سلسلے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ ادارے پیشہ ورانہ تربیت، قانونی رہنمائی اور روزگار کے مواقع فراہم کر کے افراد کو بہتر مستقبل کے لیے جائز اور محفوظ راستے مہیا کرتے ہیں۔ ان اداروں کی خدمات اور وسائل کے بارے میں شعور اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ غیر قانونی نقل مکانی سے جڑے خطرات اور غلط فہمیوں کو ختم کیا جاسکے۔ یہ مسئلہ کسی ایک طبقے یا علاقے تک محدود نہیں، بلکہ یہ پورے معاشرے کو متاثر کرتا ہے۔ اس لیے والدین، اساتذہ، کمیونٹی رہنما، اور پالیسی سازوں کو ایک پلیٹ فارم پر آکر انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی امیگریشن کے خلاف متحد ہونا ہوگا۔ ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ضروری ہے جہاں قانونی راستے کو ترجیح دی جائے اور غیر قانونی نقل مکانی کے خطرات کو واضح کیا جائے۔ یونانی کشتی کا سانحہ ہم سب کے لیے ایک سبق ہے۔ یہ ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ انسانی زندگی کا تحفظ اور اس کا وقار سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ آئیں ہم ان گھناؤنے جرائم کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں، قانونی نقل مکانی کو فروغ دیں اور ایک محفوظ اور باوقار معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔

شوبز SHOWBIZ

معمر رانا کی فلم باپ جمعہ کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

لاہور (شوبز ڈیسک) معمر رانا کی فلم باپ 24 جنوری بروز جمعہ کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ فلم کا ٹریلر ریلیز کر دیا گیا ہے جس کو پسند کیا گیا ہے۔ اس فلم میں معمر رانا پہلی دفعہ پاکستان فلم انڈسٹری کی کسی فلم میں کسی بیٹی کے باپ کے رول میں دکھائی دیں گے۔ معمر رانا نے ڈائریکٹر ندیم چیمہ کی فلم باپ میں اپنے کیریئر کا بہترین رول کیا ہے۔ اردو فلم باپ معمر رانا کے کیریئر کی واحد فلم ہوگی جس میں باقاعدہ اصلی داڑھی رکھی گئی ہے۔ اس کردار کو کرنے کے لئے معمر رانا کے بقول، ان کے اندر ایک باپ کی فیلنگ قدرتی طور پر آئی ہے۔ معمر رانا پاکستان فلم انڈسٹری کے وہ واحد ورسٹائل ایکٹر ہیں جن کے کام کی تعریف پاکستان ہی نہیں بلکہ بیرون ممالک میں بھی کی جاتی ہے۔



فیروز خان جلد میرے بیٹے کے کردار میں نظر آئیں گے، یاسر نواز

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکار، ہدایت کار اور پروڈیوسر یاسر نواز نے کہا ہے کہ فیروز خان کو اسٹار بنانے میں میرا بڑا ہاتھ ہے، جلد فیروز خان میرے بیٹے کے کردار میں نظر آئیں گے۔ ایک انٹرویو میں یاسر نواز بتایا کہ میرے اسسٹنٹ نے مجھے مشورہ دیا تھا کہ انکی نظر میں ایک نیا لڑکا ہے جو اداکارہ حمیمہ ملک کا بھائی ہے یہ سن کر میں نے اپنے اسسٹنٹ کو کہا کہ فیروز کا نمبر ڈھونڈ و اور انہیں کہو کہ مجھے کال کریں۔ انہوں نے کہا اسی دن فیروز میرے گھر آیا اور تقریبا بیس سے پچیس منٹ ہماری اسی موضوع پر گفتگو ہوئی جسے کے بعد مجھے احساس ہوا کہ اس بندے میں دم ہے۔ بس پھر کیا تھا میں نے فیروز کو ڈراما چپ رہو کیلئے کاسٹ کرلیا اور خدا کا کرنا ایسا تھا کہ فیروز کا کردار اور یہ ڈراما دونوں ہی ہٹ ہو گئے اور یہ فیروز خان کے شاندار کیریئر کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم ثابت ہوا۔



مسلسل 24 گھنٹے تک ڈانس کر سکتی ہوں، کوئی بھی مجھ سے آگے نہیں جاسکتا، راکھی ساونت

ممبئی (شوبز ڈیسک) بولی وڈ اداکارہ راکھی ساونت نے پاکستانی ڈانسرز اور اداکاراوں کو ڈانس چیلنج کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی اداکارائیں ان جیسا ڈانس نہیں کر سکتیں۔ ایک انٹرویو میں راکھی ساونت نے کہا کہ پاکستان میں ان کے بہت سارے مداح ہیں جو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر انہیں ڈیجیٹل تحائف بھی بھیجتے ہیں، اسی وجہ سے میں کہتی ہوں کہ میں نے پاکستان کا نمک کھایا ہے۔ انٹرویو کے دوران انہوں نے پاکستانی ڈانسرز اور اداکاراوں کو ڈانس چیلنج بھی کیا اور ساتھ ہی دعوی کیا کہ وہ پاکستانی رقاصاوں کو پیچھے چھوڑ دیں گی۔ راکھی ساونت کا کہنا تھا کہ وہ ہانیہ عامر، ڈانسر دیدار اور رقاصہ نرگس کو بیک وقت پیچھے چھوڑ دیں گی، انہوں نے کہا میں مسلسل 24 گھنٹے تک ڈانس کر سکتی ہوں اور کوئی بھی مجھ سے ڈانس میں آگے نہیں جاسکتا۔

سپورٹس SPORTS

ثانیہ مرزا کے عدیل ساجن سے تعلقات کی خبریں زیرِ گردش

تاجر عدیل ساجن ثانیہ مرزا کے ولا کو ڈیزائن کر رہے ہیں' میڈیا رپورٹس

دبئی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک کی سابقہ اہلیہ و بھارتی سابق ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا اور متحدہ عرب امارات بزنس ٹائیکون عدیل ساجن کے تعلقات کی خبریں گردش کر رہی ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے بیٹے اذہان مرزا ملک کے ہمراہ دبئی میں مقیم ثانیہ مرزا ایک بار پھر توجہ کا مرکز بن گئی ہیں، اس بار ان کا نام مشہور ارب پتی تاجر عدیل ساجن کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ تاجر عدیل ساجن ان دنوں ثانیہ مرزا کے ولا کو ڈیزائن کر رہے ہیں تاہم ان کے درمیان پیشہ ورانہ تعلقات سے زیادہ ہیں۔

اولمپین جیولین تھرو وار ارشد ندیم نے عمرے کی سعادت حاصل کر لی

الحمدللہ میں نے پہلا عمرہ کیا، بیت اللہ کے سامنے احرام میں تصویر شیئر کر دی



مکہ مکرمہ (این این آئی) قومی ہیرو، ملک کے صفِ اوّل کے ایتھلیٹ، اولمپین جیولین تھرو وار ارشد ندیم نے عمرے کی سعادت حاصل کر لی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر پاکستان کو 40 برسوں بعد گولڈ میڈل جتوانے والے جیولین کھلاڑی ارشد ندیم نے تصویر شیئر کرتے ہوئے اپنے چاہنے والوں کے ساتھ خوش خبری شیئر کی ہے۔ انہوں نے بیت اللہ کے سامنے احرام میں تصویر شیئر کرتے ہوئے بتایا ہے کہ زندگی میں پہلی بار عمرے کی سعادت حاصل کی ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں۔ سوشل میڈیا پر انہوں نے کیپشن میں لکھا ہے کہ اس بابرکت موقع پر الحمدللہ میں نے پہلا عمرہ کیا، پوری امت اور اپنے عزیز وطن کے لیے دعا کی، اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں کہ اسے ممکن بنایا۔ واضح رہے کہ ارشد ندیم نے حالیہ اولمپکس مقابلوں میں 92.97 میٹر کی تھرو کر کے جیولن تھرو کا 118 سالہ ریکارڈ اپنے نام کرتے ہوئے ملک کو 40 سال بعد گولڈ میڈل جتوا کر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔

آئی پی ایل کی اجازت کیوں؟ پی ایس ایل کی کیوں نہیں؟

پی ایس ایل جوائن کرنے والے انگلش کرکٹر جیمز ونس ای سی بی کے دہرے معیار پر بول پڑے



لندن (این این آئی) انگلش کرکٹر جیمز ونس انگلش کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کے دہرے معیار پر بول پڑے۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) اور آئی پی ایل کیلئے علیحدہ قوانین پر انگلش کرکٹر ناراض ہیں۔ جیمز ونس نے کہا کہ پی ایس ایل مختصر ٹورنامنٹ ہے، وہاں کھیل کر پلیئرز ڈومیسٹک سے زیادہ محروم نہیں ہوتے، آئی پی ایل طویل ٹورنامنٹ ہے، وہاں ڈومیسٹک پلیئرز کا جانا نہیں بنتا تھا۔ جیمز ونس نے اپنے ملک کے کرکٹ بورڈ سے سوال کیا آئی پی ایل کی اجازت کیوں؟ پی ایس ایل کی کیوں نہیں؟ ممکن ہے کہ قوانین میں یہ تضاد بورڈز کے باہمی تعلق کی وجہ سے ہو۔ انھوں نے کہا پی ایس ایل ڈرافٹ میں مزید انگلش پلیئرز پک ہوتے تو اور پلیئرز بھی اپنا ڈومیسٹک ریڈ بال معاہدہ چھوڑ دیتے۔ جیمز ونس نے کہا پی ایس ایل ٹیموں نے این او سی خدشے کی وجہ سے اکثر انگلش پلیئرز کو منتخب نہیں کیا۔ ای سی بی کی نئی پالیسی انگلش کرکٹرز کیلئے مددگار ثابت نہیں ہو رہی۔ واضح رہے کہ جیمز ونس نے حال ہی میں پی ایس ایل کے خاطر اپنا ریڈ بال معاہدہ منسوخ کیا تھا۔

چیمپئنز ٹرافی، صائم ایوب کے فٹ نہ ہونے پر متبادل کھلاڑی کو شامل کرنے کا فیصلہ

لاہور (انٹرنیوز) چیمپئنز ٹرافی کے لیے قومی ون ڈے سکواڈ کو حتمی شکل دینے کے لیے مشاورت جاری، سلیکٹرز نے صائم ایوب کے فٹ نہ ہونے کی صورت میں متبادل کھلاڑی کو لینے کا فیصلہ کرلیا گیا، چیمپئنز ٹرافی سے قبل پاکستان ٹیم نے سہ فریقی سیریز میں حصہ لینا ہے، صائم ایوب کا فیصلہ ہوگیا تو سہ فریقی سیریز کی ٹیم ہی چیمپئنز ٹرافی کے لیے ٹیم ہوگی۔ محمد رضوان، بابر اعظم، سلمان علی آغا، طیب طاہر اور عرفان خان نیازی کی سکواڈ میں شمولیت کا امکان ہے جبکہ محمد حسنین، نسیم شاہ، شاہین آفریدی، حارث روف، کامران غلام، ابرار احمد اور سفیان مقیم بھی سکواڈ کا حصہ ہو سکتے ہیں۔ چیمپئنز ٹرافی کے سکواڈ سے آوٹ آف فارم عبداللہ شفیق اور عثمان خان کے ڈراپ ہونے کا امکان ہے، فخر زمان کی سکواڈ میں شمولیت یقینی ہے جبکہ امام الحق اور حسیب اللہ کے ناموں پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے لیے 11 فروری تک حتمی سکواڈ کا لازمی اعلان کرنا ہے



ویمنز ٹی ٹونٹی سیریز، آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان دوسرا میچ (کل) ہوگا

کینبرا (انٹرنیوز) آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان دوسرا ویمنز ٹی ٹونٹی کرکٹ میچ (کل) 23 جنوری بروز جمعرات کو ہوگا، یہ میچ کینبرا کے مانوکا اوول گراونڈ میں کھیلا جائیگا، یہ میچ نائٹ ہوگا اور فلڈ لائٹس میں کھیلا جائے گا۔ آسٹریلوی ویمن ٹیم کو ایلسا ہیلی لیڈ کر رہی ہیں جبکہ انگلینڈ کی ٹیم ہیتھر نائٹ کی قیادت میں

میدان میں اترے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 25 جنوری کو ایڈیلیڈ میں کھیلا جائے گا۔ میزبان آسٹریلوی ویمن ٹیم کو انگلینڈ کی خواتین ٹیم کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل ہے۔

شعیب ملک اور ثنا جاوید کی دوحا میں ریمپ واک توجہ کا مرکز بن گئی

190 ملین پاؤنڈ کے عنوان سے معروفِ زمانہ مقدمے کا فیصلہ آگیا۔ اِس طلسمِ ہوش ربا کا پہلا باب، سندھ سے طلوع ہوتا ہے جہاں ملیر ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور بحریہ ٹاؤن کے درمیان وسیع وعریض زمین کا تبادلہ ہوا۔ معاملہ سپریم کورٹ پہنچا تو اِس ڈیل کو خلافِ قانون اور ناجائز قرار دیتے ہوئے بحریہ ٹاؤن پر 460 ارب روپے کا جرمانہ عائد کردیا گیا۔ ساڑھے سات برس میں یہ رقم ادا کرنے کیلئے قسط بندی کردی گئی اور اس مقصد کیلئے، سپریم کورٹ کے زیرِنگرانی، نیشنل بینک میں ایک خصوصی اکاؤنٹ کھول دیا گیا۔

بقیہ نمبر 1

افراد قرض کیلئے اپلائی کر سکتے ہیں۔ قرض لینے کیلئے ایکٹیو فائلر ہونا ضروری اور کسی بھی مالیاتی ادارے کا ڈیفالٹر نہ ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ آسان کاروبار فنانس سکیم کیلئے گھر بیٹھے آن لائن درخواست اور تفصیلات کیلئے ویب پورٹل akf.punjab.gov.pk پر اپلائی کیا جاسکتا ہے۔ آسان کاروبار کارڈ سکیم میں سٹارٹ اپ اور چھوٹے کاروبار کیلئے 10 لاکھ روپے تک کے بلاسود قرض دیا جا رہا ہے۔ آسان کاروبار کارڈ کے تحت قرض 3 سال میں آسان اقساط میں ادا کیا جائے گا۔ سکیم میں پنجاب کے رہائشی مرد وخواتین، ٹرانسجینڈر اور سپیشل افراد آسان کاروبار کارڈ کیلئے اپلائی کر سکتے ہیں۔ آسان کاروبار کارڈ کیلئے پورٹل akc.punjab.gov.pk پر اپلائی کیا جاسکتا ہے۔ آسان کاروبار کارڈ کے لئے خام مال کی خریداری پروینڈر کو ادائیگی کی جاسکے گی۔ آسان کاروبار کارڈ کے ذریعے سرکاری فیس، ٹیکس اور یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی ممکن ہوگی۔ آسان کاروبار کارڈ کے ذریعے 25 فیصد تک کیش بھی نکلوایا جاسکتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آسان کاروبار سکیم کے لئے خصوصی ٹول فری نمبر 1786 بھی فعال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ آسان کاروبار سکیم کے لئے درخواست گزار ٹول فری نمبر 1786 سے انفارمیشن لے سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نوجوانوں کو خود روزگار کی طرف گامزن کرنا چاہتے ہیں۔ تعلیم کے بعد روزگار کے مواقع فراہم کرنا بھی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ پنجاب کا ہر نوجوان معیشت کی بہتری میں آسان کاروبار سکیم کے ذریعے بھرپور کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ آسان کاروبار پروگرام کے ذریعے معیشت میں بہتری اور برآمدات میں اضافہ ممکن ہوگا۔

بقیہ نمبر 2

پہلے حصے جو کہ (A,B,C,D&E) بلاک پر مشتمل ہے۔ ٹیکنیکل سٹاف کی انتھک محنت کی وجہ سے قلیل مدت میں بلاک اے اور ڈی میں مستقبل قریب میں کام مکمل ہونے جا رہا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل کا فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کی ٹیم کے ہمراہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے پروجیکٹ گرین انکلیو-II (سکائی گارڈن) بارہ کہو اسلام آباد کا گزشتہ روز دورہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال نے ہاؤسنگ اتھارٹی کے سینئر افسران کی انتھک محنت پر ان کی تعریف کی۔ ڈائریکٹر جنرل نے پروجیکٹ گرین انکلیو-II (سکائی گارڈن) کی مکمل بریفنگ لی۔ انہوں نے کام کی برق رفتاری کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا اور مزید کہا کہ وہ ہر ماہ ہنگامی بنیادوں پر پروجیکٹس کا دورہ کریں گے۔ ہاؤسنگ اتھارٹی سرکاری ملازمین کو رہائشی سہولیات دینے کے لیے پرعزم رہیں۔ گرین انکلیو-II میں بہترین کام کرنے پر ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ اتھارٹی کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال نے سینئر افسران، ملازمین اور سکائی گارڈن کے سی ای او کی کارکردگی کو سراہا

بقیہ نمبر 3

کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کہا گیا کہ ذیلی کمیٹی رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کی حد اور اہلیت کا جائزہ لے گی اور 10 روز میں اپنی سفارشات پیش کرے گی۔ چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے قائمہ کمیٹی کو بتایا کہ نئے قانون کے تحت ٹیکس ریٹرن فائلر کی اہلیت کی بنیاد پر ترامیم کی گئی ہیں۔ چیئرمین ایف بی آر کے مطابق اہل ٹیکس گزار بیوی، غیر شادی شدہ بیٹی، 25 سال سے کم عمر لڑکے کو ٹیکس ریٹرن میں ظاہر کر سکتے ہیں۔ راشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ نئے ٹیکس قانون کے تحت 5 سے 10 مرلے کے مکان خریدنے والوں پر پابندی نہیں لگائی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 4

فلسطینیوں کو جیلوں میں ڈالا گیا اور شہروں کے شہر تباہ کر دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے غزہ میں جنگ بندی کے لیے بھرپور آواز اٹھائی اور امدادی اشیا بھجوائیں جس میں بہت کشتیاں تھیں، غزہ کی تعمیر نو کا مرحلہ جلد آنے والا ہے، پاکستان اپنے تئیں جو بھی کر سکتا ہے کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ روز گوادر ایئرپورٹ نے باقاعدہ کام شروع کر دیا، یہ خوش آئند بات ہے اور انتہائی اہم منصوبہ ہے، چین کی جانب سے مہیا کیے گئے 23 کروڑ ڈالر کی لاگت سے یہ منصوبہ مکمل ہوا، گوادر ایئرپورٹ پاکستان کے بڑے ہوائی اڈوں میں شمار ہوتا ہے، اگر یہ ایئرپورٹ کاروباری مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے تو بلوچستان اور پاکستان کی معیشت کو کتنا فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ اس وقت پاکستان سے دشمنی پر اترے ہوئے ہیں اور قتل و غارت کا بازار گرم کیے ہوئے ہیں، آج انہیں یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ وہ قتل و غارت کر کے نہ صرف بلوچستان کے عوام کے خلاف جا رہے ہیں بلکہ یہ پاکستان کے ساتھ صریحاً دشمنی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ چین جیسا دوست ملک جس نے اپنے وسائل سے یہ ایئرپورٹ تحفے میں دیا ہے، ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی بندرگاہیں پہلے ہی تنگ ہیں، وہاں آمد و رفت کا بے تحاشہ بوجھ ہے، ایسے میں گوادر پورٹ کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی بینک نے ایک طویل مدتی شراکت داری کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت آئندہ 10 سالوں میں مختلف شعبوں میں 20 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی جائے گی، گوکہ یہ قرضہ ہے مگر ہمیں اس کو خوش آمدید کہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی کی برآمدات میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، دسمبر میں ماہانہ بنیاد پر تاریخ کی بلند ترین آئی ٹی ایکسپورٹ ہوئی ہیں جو 34 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہیں، آئی ٹی برآمدات تیزی سے آگے جا رہی ہیں، اس میں جتنا اضافہ کریں گے پاکستان کو اتنا فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر تقابلی جائزہ لیں تو گزشتہ سال کے مقابلے میں ہماری برآمدات بڑھی ہیں، ہمارے تمام اشاریے خوش آئند ہیں اور ظاہر کرتے ہیں کہ اگر ہم محنت کریں گے اور اپنے راستے پر قائم رہیں گے تو اس کا پاکستان کی معیشت کو فائدہ پہنچے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ حج کی آمد آمد ہے، امید ہے کہ اس بار پاکستانی حاجیوں کے لیے حج بہت پرسکون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے حوالے سے جو قربانیاں دی جا رہی ہیں، حکومت اور 24 کروڑ عوام چاہ کر بھی ان شہدا کا قرض نہیں اتار سکتے، ان قربانیوں کی جتنی بھی تعظیم کی جائے کم ہے، ہم ان قربانیوں کا قرض قیامت تک نہیں اتار سکتے، اس کے بدلے میں ملک میں امن قائم ہونا ہے، ترقی و خوشحالی کا دور دورہ ہونا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ من حیث القوم ہمیں اس بات کا پوری طرح ادراک ہونا چاہیے کہ اس سے بڑی عظمت کی کوئی بات نہیں کہ اپنے بچوں کو یتیم کر کے لاکھوں بچوں کو یتیم ہونے سے بچایا جائے اور اپنی جان کا نذرانہ دینے سے بڑی اور کوئی قربانی نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 5

اپوزیشن اراکین نے شدید احتجاج کرتے ہوئے حکومت مخالف نعرے لگائے جس کے جواب میں حکومتی ارکان نے شیر آیا، شیر آیا کے نعرے لگائے جبکہ وزیر قانون کے بیان کے دوران بھی اپوزیشن کے ارکان نے شور شرابا جاری رکھا۔

بقیہ نمبر 6

ہے جو ملک کی مجموعی قومی آمدنی (جی این آئی) کا 4-6 فیصد بنتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں کروڑوں بچے، نوجوان لڑکیاں اور خواتین غذائی قلت خاص طور پر خون کی کمی کا شکار ہو رہی ہیں۔ نیوٹریشن انٹرنیشنل پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر ڈاکٹر شبینہ رضا کے مطابق غذائیت کے شعبے میں سرمایہ کاری غربت کے دائرے کو توڑنے کے لیے اہم ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پانچ سال سے کم عمر کے 34 فیصد بچے قد کی کمی کا شکار ہیں، 22 فیصد نومولود بچوں کا وزن پیدائش کے وقت کم ہوتا ہے جبکہ چھ ماہ سے 59 ماہ تک کے 53 فیصد بچے خون کی کمی کا شکار ہیں۔ ان مسائل کے نتیجے میں بچوں کی ذہنی صلاحیتوں میں کمی، اسکول چھوڑنے کی شرح میں اضافہ اور پیداواری صلاحیتوں میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ بچوں میں سٹنٹنگ یا قد اور ذہنی نشوونما کی کمی کی وجہ سے معیشت کو سالانہ 16 ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔ وفاقی وزارت صحت کا کہنا ہے کہ کاسٹ آف ان ایکشن ٹول سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر پاکستان عالمی غذائی اہداف حاصل کر لے تو ہر سال 8 لاکھ 55 ہزار بچوں میں قد کی کمی سے بچا جا سکتا ہے۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید بگڑ سکتی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے اہداف کے مطابق 2025ء تک قد ذہنی نشوونما کی کمی کو 40 فیصد تک کم کرنا ضروری ہے۔ رپورٹ کے مطابق پانچ سال سے کم عمر کے 53 فیصد بچے اور تولیدی عمر کی 41 فیصد خواتین خون کی کمی کا شکار ہیں۔

بقیہ نمبر 7

نٹرز اور دیگر سامان ضبط کرنے کیساتھ ساتھ پختہ تھڑے مسمار کیے مزید برآں بلدیہ ریگولیشن آفیسر ڈاکٹر چاند مبین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اے سی گوجر خان کی ہدایات پر شہر کے تمام ہوٹلز و کھابہ مالکان کو کاؤنٹرز جبکہ نجی بینکوں کے مینیجرز کو باہر روڈز پر غیر قانونی طور پر رکھے گے جنریٹرز کو چھت یا کسی دیگر مقام پر منتقل کرنے کے احکامات دیئے مزید برآں انھوں نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن غیر معینہ مدت تک بلاتفریق جاری رہے گا تاجر شٹر کے اندر رہ کر کاروبار کریں جبکہ کھوکھوں اور دکانوں کے باہر بنے شیڈز کو فوری طور پر اتاریں جبکہ جو دکاندار آئندہ تجاوزات قائم کرتے ہوئے پایا گیا انکے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 8

ہدایت پر منشیات فروشوں کے گرد شکنجہ سخت کرتے ہوئے کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے، اسی دوران اے ایس پی ڈیفنس شہر بانو نقوی کی سربراہی میں ایس ایچ او فیکٹری ایریا نے پولیس ٹیم کے ساتھ بڑی کارروائی کرتے ہوئے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ 3 خواتین سمیت 8 بین الاضلاعی منشیات ڈیلر کو منشیات کی ڈیلیوری دینے کے لیے آتے ہوئے رنگے ہاتھوں بھاری منشیات سمیت گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں گامن، روبن، ریحان، ناصر محمود، فوزیہ، لبنیٰ شہزادی وغیرہ شامل۔ ملزمان سے کروڑوں روپے مالیت کی 50 کلو سے زائد چرس برآمد کی گئی ہے۔ ملزمان نے پشاور سے آن لائن ذرائع استعمال کر کے منشیات منگوا کر مختلف اضلاع میں سپلائی دینے کا اعتراف کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر لیے ہیں اور ان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 9

کی ضمانت قبل از گرفتاری کنفرم کر دی، سپریم کورٹ نے ملزم محمد اسماعیل کو ٹرائل کورٹ میں پچاس ہزار روپے کا مچلکہ جمع کروانے کی ہدایت کر دی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے لاہور رجسٹری میں ویڈیو لنک پر سماعت کی۔ سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں ملزم کی جانب سے راجہ عبدالرحمان ایڈووکیٹ پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ مناواں پولیس نے افضل سمیت دیگر پر فائرنگ کر کے زخمی کرنے کا مقدمہ درج کیا، مقدمہ میں محمد اسماعیل سمیت دیگر کو نامزد کیا گیا، مقدمہ میں بدنیتی سے ملزمان کو ملوث کیا گیا، ایک ملزم فائرنگ سے زخمی ہوا لیکن ایف آئی آر میں اس کا ذکر تک نہیں، ملزم پارٹی کی جانب سے دی گئی درخواست پر پولیس نے کوئی کارروائی نہیں کی، پولیس نے مدعی پارٹی سے ساز باز کر رکھی ہے، ملزمان پر پہلے بھی فائرنگ کرنے کا الزام لگایا گیا جبکہ صفحہ مثل میں اس کا ذکر نہیں، مدعی مقدمہ اور سرکاری وکیل نے عبوری درخواست ضمانت کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان نے آپس میں ساز باز کر کے خواتین سمیت متعدد افراد کو زخمی کیا، ملزم محمد اسماعیل جرم میں برابر کا شریک ہے، ضمانت قبل از گرفتاری کا حقدار نہیں، مدعی مقدمہ اور سرکاری وکیل نے درخواست ضمانت کی مخالفت کی تاہم عدالت کو مطمئن نہ کر سکے۔

بقیہ نمبر 10

کہ اگر پنجاب اپنے حصے کے پانی سے کینال بنا رہا ہے تو کوئی اعتراض نہیں بنتا۔ منگل کو سینیٹ اجلاس میں پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے دریائے سندھ پر کمرشل کموڈٹی فارمنگ کے لیے بیراج ڈیمز کنال کی تعمیر سے متعلق تحریک التوا پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر سندھ کے تمام علاقوں میں شدید احتجاج ہوا، حکومتی فیصلے پر سندھ سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی، سی ڈی ڈبلیو پی اجلاس میں وزیراعلیٰ سندھ نے واضح اعتراض کیا، چولستان کے ریگستان میں ہریالی کے لیے پانی تبدیل کیا جا رہا ہے۔ سینیٹر شیری رحمٰن نے سوال اٹھایا کہ 7 ملین ایکڑ اراضی کس طرح زرخیز بنائیں گے جبکہ پانی نہیں ہے، کوٹری اور گڈو سے پیچھے دریائے سندھ ٹھاٹے مارا کرتا تھا، اب وہ صورتحال کہاں ہے سب کو پتہ ہے پانی کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا سب سے بڑا شہر ہے مگر وہاں کے شہری بوند بوند پانی کو ترستے ہیں، کراچی میں لوگوں کے پاس وسائل ہیں پھر بھی پانی کی یہ صورتحال ہے، ایک صوبہ چیخ رہا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا کہ جو ڈیٹا یہاں بتایا گیا حقیقت اس کے الٹ ہے، ارسا نے خود 25 سال سے پانی کی کمی کی بات کر رہا ہے، ارسا نے کہا ہے کہ پنجاب اور سندھ کے پانی کی 13 فیصد کمی رہی ہے، یہ مسئلہ کوئی 40 سال سے رہا ہے، اس معاملے پر سندھ بلوچستان کو سنا جائے، کمیٹی بنا کر معاملہ اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تقسیم کی سیاست نہیں چاہتے، پانی کی تقسیم مبہم اور متنازع ایشو رہا ہے، تکنیکی باتوں سے معاملہ کو مت الجھائیں زمین پر خشک سالی ہے، پنجاب اکیلا پانی پر معاہدہ نہیں کر سکتا، سندھ بنجر بن چکا ہے، وفاق کی جو بھی مجبوریاں ہیں سندھ سے ڈسکس کرے۔ پیپلز پارٹی کے الزام پر مسلم لیگ کے سینیٹر عرفان صدیقی نے واضح کیا کہ اگر پنجاب اپنے حصے کے پانی سے کینال بنا رہا ہے تو کوئی اعتراض نہیں بنتا، ایسا فیصلہ سامنے لائیں جس سے دوسرے صوبہ کا حق مارا گیا ہو۔ سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ معاہدے کے تحت اگر پنجاب نہریں بنا رہا ہے تو بحث نہیں بنتی، ایسی باتیں نہیں ہونی چاہییں کہ فیڈریشن ٹوٹ جائے۔ دریں اثنا وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے رواں سال کراچی تا سکھر گرین فیلڈ موٹروے ایم 6 کی تعمیر شروع کرنے کا وعدہ کر لیا، سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو جماعت برسر اقتدار رہی وہ ایم سکس نہ بنانے کی ذمے دار ہے۔

بقیہ نمبر 11

ہوئے فیصل آباد اور ساہیوال سے بھی تین انسانی اسمگلرز کو گرفتار کر لیا۔ یاد رہے کہ 16 دسمبر کو افریقی ملک موریطانیہ سے غیر قانونی طور پر اسپین جانے والوں کی کشتی کو حادثہ پیش آیا تھا جس کے نتیجے میں 44 پاکستانیوں سمیت 50 تارکین وطن ہلاک ہو گئے۔

بقیہ نمبر 12

اراکین کی رکنیت معطل کر دی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے 33 اراکین کی رکنیت معطل کی گئی ہے۔ سینیٹر محمد قاسم اور عبدالقدوس کی رکنیت بھی معطل کر دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر عدنان قادری، مینا خان، فضل الٰہی کے نام بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں بلوچستان اسمبلی کے 5 اراکین کی رکنیت معطل کی گئی ہے۔ ارکان سینیٹ و اسمبلی رکنیت بحالی تک قانون سازی اور اجلاسوں میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

بقیہ نمبر 13

نوٹس لینا چاہیئے، اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت ڈیڑھ لاکھ کیسز رجسٹرڈ ہو چکے ہیں مگر اکثریت التواء کا شکار ہے جو کہ حکومت اور انتظامیہ کی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، ذمہ داران کے خلاف سخت ترین کارروائی کرتے ہوئے انھیں قرار واقعی سزا دی جانے چاہیئے تاکہ عبرت کا نشان بن سکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا، یہاں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا نظام نافذ کیا جانا چاہیئے۔ معاشرتی بگاڑ کو درست کرنے کے لئے اسلامی طرز معاشرت کو اختیار کرنا ہوگا۔ 76 برسوں سے اشرافیہ نے یرغمال بنایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دو سال کے دوران 16 لاکھ اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستان ملک چھوڑ کر امریکہ، کینیڈا، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، کویت، ترکیہ، ملائیشیا، آسٹریلیا، سنگاپور، چین اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کا رخ کر چکے ہیں۔ بیرون ملک جانے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، آئی ٹی ماہرین، سول الیکٹرک اور مکینیکل انجینئرز اور آرٹسٹ شامل ہیں۔ ملکی حالات سے دلبرداشتہ ہر سال لاکھوں افراد قانونی و غیر قانونی طریقوں سے باہر جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ غیر قانونی طریقوں کے ذریعے ہزاروں افراد لقمہ اجل بھی بن رہے ہیں۔ محمد جاوید قصوری نے کہا کہ جب تک ملکی معیشت ٹھیک نہیں، عوام کی زندگی میں آسودگی، تعلیم یافتہ نوجوانوں کے روزگار کے مواقع اور میرٹ کا بول بالا نہیں ہوتا، کرپشن کا خاتمہ، اداروں سے کرپٹ افراد کو قلع قمع نیز قابلیت کی قدر نہیں ہوگی اس وقت تک برین ڈرین کا سلسلہ رکنے والا نہیں۔ المیہ یہ ہے کہ بدقسمتی سے ملک میں ایسے حکمران مسلط کر دیئے گئے ہیں جن کے ان مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لئے صلاحیت ہے اور نہ ہی وژن نام کی کوئی چیز ہے۔ محض ڈنگ ٹپاؤ اقدامات سے عوام کو بے وقوف بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 14

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، اس دوران ایک کارروائی میں نائیجیرین باشندے سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی 1800 گرام آئس اور ایک کلو چرس برآمد کر لی گئی۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق نائیجیرین باشندہ جیف عرصہ 16 سال سے پاکستان میں رہائش پذیر تھا اور اس نے پاکستان ہی میں شادی کر رکھی تھی۔ ملزم پس پردہ منشیات کا نیٹ ورک چلا رہا تھا۔ ملزم نے لاہور سمیت پنجاب کے تعلیمی اداروں، فارم ہاؤسز سمیت دیگر مقامات پر منشیات سپلائی کرنے کا انکشاف بھی کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کو پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور پبلک ریلیشن شپ کی مدد سے گرفتار کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 15

درج کروا دیا۔ لاہور کے علاقہ لالہ زار میں عمر اقبال ڈولہ نے شیروں کا بریڈنگ فارم بنا رکھا ہے۔ گزشتہ روز ٹک ٹاک بنانے کی غرض سے عمر اقبال ڈولہ نے عظیم نامی شخص کو شیروں کے پنجرے میں داخل کیا جس پر شیروں نے اس پر حملہ کر کے اس کو شدید زخمی کر دیا۔ پنجاب کابینہ نے شیروں کو گھروں میں رکھنے کے قانون سازی کرنے کی منظوری دے دی ہے جبکہ وائلڈ لائف ایکٹ 1974 میں ترمیم بھی کر دی گئی ہے۔ پنجاب حکومت کی طرف سے نوٹیفکیشن جاری ہوتے ہی پنجاب بھر میں شیروں کو رکھنے کے ایس او پیز پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن ہوگا۔ شیروں کے لیے مطلوبہ جگہ، پنجرے کا سائز اور اونچائی کے ایس او پیز بنائے گئے ہیں۔ شیروں کے پبلک ڈسپلے کرنے پر پابندی ہوگی جبکہ ان کے ساتھ ٹک ٹاک بنانے اور سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کرنے پر سخت ایکشن ہوگا

بقیہ نمبر 16

انسپکٹر نے بیٹا بنایا ہوا تھا، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 17

کے دوران ایف بی آر کو تقریباً 960 ارب روپے کا ٹیکس ہدف حاصل کرنا ہے، 385 ارب ریونیو شارٹ فال ملا کر جنوری کا ٹیکس ہدف 1 ہزار 340 ارب روپے تک ہے۔ رواں ماہ کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کے لیے تمام تر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 18

(ر) بابر علاؤالدین نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ہیڈ آفس میں مینیجنگ ڈائریکٹر علی ارشد رانا سے ملاقات کی جہاں انہیں ادارے کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایم ڈی علی ارشد رانا نے ادارے کی ترقی کے لیے شروع کیے گئے 100 روزہ ٹرانسفارمیشن پلان، درپیش مسائل اور مختلف شعبہ جات میں ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ مارکیٹنگ اور دیگر شعبوں کو مزید موثر بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں، جعلی بیجوں کی روک تھام کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے ادارے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کا زراعت کی ترقی میں کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے دالوں کی پیداوار میں اضافے اور گوجرانوالہ میں سیل پوائنٹس کی تعداد بڑھانے کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ بدلتے ہوئے رجحان اور جدید تقاضوں کو اپنائے بغیر موثر مقابلہ ممکن نہیں۔ ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا نے بتایا کہ قلیل مدت میں متعدد نئے اقدامات کیے گئے ہیں جن میں نئے شعبوں کا قیام بھی شامل ہے، ان شاء اللہ بہت جلد مثبت اثرات سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو آگاہی دے رہے ہیں کہ وہ اجناس کاشت کے لئے روایتی طریقوں کو چھوڑ کر جدید طریقے اپنائیں اور زیادہ پیداوار کے حصول کیلئے سرٹیفائیڈ بیج کے استعمال کو ترجیح دیں۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 19

مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین سینیٹ نے منگل کو اسلام آباد میں سوئیڈن کی سفیر الیگزینڈرا کیٹیل برگ وون لنڈے سے ملاقات میں کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے سفیر کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور سوئیڈن کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ تعلقات پر اعتماد کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان اور سوئیڈن سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں جو اس شراکت داری کی مضبوطی اور لچک کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے بین الپارلیمانی تعاون سمیت متعدد شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے پر زور دیا اور کہا کہ تجارت سمیت اسلاموفوبیا جیسے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے رابطہ کاری کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ ملاقات کے دوران چیئرمین سینیٹ نے پاکستان اور سوئیڈن کے درمیان بین الپارلیمانی تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے مختلف شعبوں میں دونوں ملکوں کے درمیان اقتصادی تعاون کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا اور سوئیڈش کمپنیوں کو مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت بھی دی۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے عالمی سطح پر اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان پر تشویش کا اظہار کیا اور بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر اسلاموفوبیا سے نمٹنے کے لیے پاکستان کے عزم پر زور دیا۔ چیئرمین سینیٹ نے تحمل اور برداشت کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے سوئیڈن کے ساتھ مشترکہ کوششوں پر زور دیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ عوامی سطح پر روابط باہمی افہام و تفہیم کو بڑھانے اور پاکستان اور سوئیڈن کے درمیان قریبی تعلقات کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے طلباء کے تبادلے کے پروگراموں اور اسکالرشپس کو بڑھانے کی پاکستان کی خواہش کو بھی اجاگر کیا جس سے دونوں ممالک ایک دوسرے سے علمی میدانوں میں فائدہ اٹھا سکیں گے۔ یوسف رضا گیلانی کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے اور قابل تجدید توانائی اور پائیدار ترقی پر سوئیڈن کے ساتھ کام کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مختلف شعبوں میں مسلسل رابطوں اور تعاون کے ذریعے دونوں ممالک مشترکہ خوشحالی حاصل کر سکتے ہیں اور عالمی امن اور استحکام میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں

بقیہ نمبر 20

سزائے موت کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے سماعت کی۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب ہمایوں سلیم پیش ہوئے۔ مجرم کے وکیل نے موقف اپنایا کہ مجرم کے خلاف پیش کیے گئے میڈیکل کی تاریخ درست نہیں ہے، استدعا ہے کہ مجرم کے خلاف سزا معطل کی جائے۔ ڈی پی جی ہمایوں سلیم نے کہا کہ مجرم نے کلہاڑی کے وار کر کے اپنی بیوی اور گیارہ سالہ سوتیلی بیٹی کو قتل کیا، مجرم نے اپنے سوتیلے بیٹے علی رضا اور بیٹی امیر فاطمہ کو شدید زخمی کیا، مجرم کو ایڈیشنل سیشن جج نے 2021ء کو دو مرتبہ پھانسی کی سزا سنائی، مجرم نے 18 اکتوبر 2018ء کو پھلروان سرگودھا میں جرم کا ارتکاب کیا، مجرم کے سفاکانہ جرم کے بعد یہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے، عدالت سزا کے خلاف اپیل خارج کرے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد سزائے موت کے خلاف اپیل خارج کر دی۔

بقیہ نمبر 21

عالمی منڈیوں کے لیے برآمدی صلاحیت کو فروغ دینا ہے۔ پاور سیکٹر انڈیجینائزیشن پلان کے تحت بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے آلات، جن میں ٹرانسفارمرز، سوئچ گیئرز، کیبلز، کنڈکٹرز، انسولیٹرز، ٹاورز، انرجی میٹرز، کیپسیٹرز اور اوور ہیڈ لائن فٹنگز شامل ہیں، کی مقامی تیاری پر توجہ دی جائے گی۔ ای ڈی بی نے اس منصوبے کی تیاری کے لیے لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) سے مشاورتی خدمات حاصل کی ہیں۔ اس منصوبے کے لیے پاور جنریشن، ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں بشمول سی پی پی اے۔ جی، پی پی ایم سی، ڈسکوز، این ٹی ڈی سی، واپڈا اور کے الیکٹرک کے ساتھ ساتھ مقامی مینوفیکچررز سے تفصیلی ڈیٹا جمع کیا جا رہا ہے، جس میں آلات کی ضروریات، جانچ کی سہولیات اور مقامی مینوفیکچرنگ کی صلاحیت پر توجہ دی گئی ہے۔ منصوبے کی کامیابی کے لیے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورتی اجلاس اور ویبینارز منعقد کیے جا رہے ہیں، جبکہ ڈیٹا جمع کرنے اور طلب و رسد کی مؤثر منصوبہ بندی کے لیے ایک ڈیجیٹل ڈیش بورڈ بھی تیار کیا گیا ہے۔ وزارت صنعت و پیداوار اور انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے مطابق، یہ منصوبہ حکومت پاکستان کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا، جو الیکٹریکل پاور آلات کی مقامی تیاری کو فروغ دینے، درآمدات پر انحصار کم کرنے اور برآمدات میں اضافہ کے لیے حکمت عملی وضع کرنے میں مددے گا

بقیہ نمبر 22

جب بٹ کو کراچی میں داخلے پر گرفتار کر لیا جائے گا، اس لیے حفاظتی ضمانت منظور کر لی جائے۔ رجب بٹ اپنے وکلا کے ہمراہ لاہور عدالت میں پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ وہ کیس کی پیروی کے لئے کراچی کی متعلقہ عدالت میں پیش ہونا چاہتے ہیں لیکن خدشہ ہے کہ عدالت میں پیش ہونے سے پہلے پولیس انہیں گرفتار کر لے گی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے حفاظتی ضمانت پر سماعت کرتے ہوئے سات روز کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی ہے۔ یاد رہے کہ ٹک ٹاکر کے خلاف بیہودہ اور فحش حرکات کی ویڈیوز اپلوڈ کرنے پر ملتان کی عدالت میں بھی سماعت کی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 23

بچے کو اغوا کر لیا ہے۔ شکایت ملنے پر پولیس نے سیف سٹی کیمروں کی فوٹیج سے ملزم کی تلاش شروع کی اور ٹریکنگ کرتے ہوئے ملزم کا سراغ لگا لیا۔ ترجمان کے مطابق کیمروں میں نومولود کو اٹھائے بائیک پر سوار ملزم گزرتے ہوئے دیکھا گیا، جس پر تمام ویڈیو شواہد متعلقہ پولیس کے ساتھ شیئر کی گئیں، جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے چند گھنٹوں میں نومولود کو تلاش کے بعد بحفاظت والد کے حوالے کر دیا۔ ترجمان نے کہا کہ بچوں سے متعلق کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں 15 ڈائل کر کے 3 دبا کر ورچوئل سنٹر فار چائلڈ سیفٹی پر اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 24

لیں۔ انہوں نے ڈونلڈ ٹرمپ کے صدارت سنبھالنے پر امریکی سینیٹرز اور کانگریس کے ارکان کو مبارکباد بھی دی اور امریکی عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ امریکی عوام صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے محبت کرتے ہیں، میں شاہد ہوں امریکی عوام نے ٹرمپ کی صدارت کو زبردست طریقے سے منایا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ٹرمپ دور میں پاک امریکا تعلقات کا نیا باب شروع ہوگا۔

بقیہ نمبر 25

آفیسرز نے شرکت کی۔ کمشنر/ایڈمنسٹریٹر نے کہا کہ انسداد تجاوزات مہم کا دائرہ شہر بھر میں وسیع کیا جائے جبکہ چوک گھنٹہ گھر و ملحقہ بازاروں میں بھی آپریشن بلاتعطل جاری رکھیں۔ کمشنر نے میونسپل کارپوریشن کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور عوامی بہبود کے اقدامات کا تسلسل برقرار رکھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے دکانوں کے باہر ایک ہی طرز کے دیدہ زیب سائن بورڈز آویزاں کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت کی اور چیف آفیسر سے کہا کہ یہ ٹاسک بلاتاخیر مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ آٹھوں بازاروں میں بجلی کی تاروں کو زیرزمین کرنے کے جاری کام کو تیز کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کے افسران ٹیم ورک کے طور پر عوامی خدمت کا اعلیٰ معیار قائم کریں۔ کرپشن پر زیرو ٹالرنس ہے۔ بددیانتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کارکردگی کی جانچ کے لئے مسلسل میٹنگز بھی منعقد ہوں گی اور عوامی بہبود کے اقدامات میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 26

رات گئے لاہور سے جدہ جانے والی نجی ایئرلائن کے طیارے نے کراچی ایئرپورٹ پر فیول کی کمی کے باعث لینڈنگ کی، پرواز پی اے 470 سعودی عرب جا رہی تھی۔ رپورٹ کے مطابق طیارے کو اچانک کراچی ایئرپورٹ کی جانب موڑ کر لینڈ کرایا گیا، طیارے میں ایندھن کی کمی کے باعث ری فیولنگ کے لیے لینڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق کراچی ایئرپورٹ پر ری فیولنگ کے بعد روانہ کیا گیا، ایئربس 320 طیارے میں 150 سے زائد مسافر سوار تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مسافروں کو ری فیولنگ کے دوران طیارے میں رہنے کی ہدایت دی گئی

بقیہ نمبر 27

والی خاتون کی شناخت فاطمہ جبکہ لڑکے کی شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ لڑکی کے باپ اظہر نے کی، ملزم کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا ہے، ملزم نے دونوں کو غیرت کے نام پر قتل کیا۔ دوسری جانب سرجانی ناتھ ناظم آباد میں مبینہ مقابلے میں پولیس نے 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ اور موٹرسائیکل برآمد کر لی۔

بقیہ نمبر 28

کہا گیا کہ جاری رکھنے کا فائدہ نہیں ہے بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ جاری نہیں رہے گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پانی بھی سر سے نہیں گزرتا، اگر سزائیں غلط ہوتی ہیں تو سزائیں واپس بھی ہو سکتی ہیں۔ تجزیہ کار فیصل وڑائچ نے کہا کہ یہ حقیقی بات بھلا کس طرح ہو سکتی ہے جب تک امریکا کا یا ڈونلڈ ٹرمپ کا ذاتی یا کاروباری مفاد یا اسٹریٹیجک مفاد ایسا نہ ہو جو ایک شخص ہی پورا کر سکتا ہو اس کا اس خطے میں جو بھی انٹرسٹ ہوگا، جو ہمارے ملک سے متعلق ہوگا اس کو جو بھی پورا کرے گا اسی کو ڈونلڈ ٹرمپ سپورٹ کریں گے۔ یہ ڈونلڈ ٹرمپ ہیں آپ سمجھیں کہ یہ ٹو پوائنٹ او ہیں جس ڈونلڈ ٹرمپ کو آپ نے پچھلی بار دیکھا جو یہ نہیں کر سکے ان کی گفتگو میں مجھے بہت ریگریٹ نظر آتا ہے کہ اپنی پالیسیوں پر زور نہیں دے سکے تو اس بار آپ دیکھیں گے کہ پوری طاقت سے ان سب کو کریں گے۔ تجزیہ کار کامران بخاری نے کہا کہ جو انفرادی شخصیات ہوتی ہیں وہ جیو پالیٹکس پر اتنی زیادہ اثر انداز نہیں ہوتیں جتنا کہ عام طور پر لوگ تصور کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ امریکا اس وقت جس نہج پر ہے تو وہ ایک سائیکلک شفٹ کے دھانے پر ہے، یہ شفٹ کوئی شخصیت نہیں لیکر آتی بلکہ شخصیات اور پارٹیاں ان شفٹس کے جو تقاضے ہوتے ہیں جو حالات کے تقاضے ہوتے ہیں ان کے نتیجے میں ابھرتی ہیں۔

بقیہ نمبر 29

کنٹریکٹرز کو صفائی کے معیار میں بہتری لانے کی ہدایت کی اور کہا کہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران اور اسسٹنٹ کمشنرز صفائی کی دوہری مانیٹرنگ جاری رکھیں۔ کسی جگہ کوڑا کرکٹ نظر نہیں آنا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ خالی پلاٹس کو ترجیحی بنیادوں پر کلیئر کرائیں۔ انہوں نے ڈور ٹو ڈور کوڑا جمع کر کے تلف کرنے کے کام میں تیزی لانے کی بھی تاکید کی۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود شہریوں سے بھی ملاقات کی اور ان سے کوڑا اٹھانے کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے کہا کہ صاف ستھرا ماحول ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 30

جس میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اقبال ظفر جھگڑا کے چھوٹے بھائی جاوید ظفر جھگڑا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے غمزدہ خاندان سے تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت اور درجات بلند کرے اور غمزدہ خاندان کو یہ صدمہ حوصلے اور صبر سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 31

میں 3 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے، چیف الیکشن کمشنر نے مکالمہ کیا کہ بیرسٹر صاحب یہ کیس 30 اپریل 2024 سے چل رہا ہے، تاحال پی ٹی آئی کی جانب سے تحریری جواب جمع نہیں کروایا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آپ نے پانچ درخواستوں اور نوٹس پر جواب جمع کروانا ہے، بیرسٹر گوہر نے کہا کہ نوٹس کا جواب ہم دے چکے ہیں، درخواست گزاروں کی گزارشات کا جواب آئندہ سماعت پر جمع کروا دیں گے۔ آئندہ سماعت پر تحریری جواب جمع کروا دیں گے۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ کیس کا فیصلہ ہونے تک پی ٹی آئی کے اکاؤنٹس فریز کیے جائیں۔ اس کے ساتھ ہی الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کو آئندہ سماعت تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 11 فروری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 32

عدالت کا نوٹس جاری کر رکھا ہے

بقیہ نمبر 33

ملزمان کی حاضری لگاتے ہوئے چوہدری پرویز الٰہی کو آئندہ سماعت پر طلب کر لیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ آئندہ سماعت پر تمام ملزمان حاضر ہوں تاکہ فرد جرم کی کارروائی مکمل کی جا سکے۔ دوران سماعت وکیل محمد خان بھٹی نے موقف اختیار کیا کہ میرا نام پی سی ایل میں ڈال دیا گیا ہے، جس پر عدالت نے ہدایت کی کہ متعلقہ فورم سے رجوع کیا جائے۔ اینٹی کرپشن عدالت کے جج سردار محمد اقبال ڈوگر نے چوہدری پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف کیس کی سماعت 4 فروری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 34

آفریدی نے کہا کہ رانا ثناء اللہ نے تین چار بیانات تبدیل کیے، وہ اپنے کیس کے حوالے سے خود ہی بتا سکتے ہیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما کا یہ بھی کہنا ہے کہ پارلیمنٹیرینز کو دیوار کے ساتھ لگایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 35

پنجاب کی حکم عدولی پر کارروائی کیلئے درخواست دی۔ محتسب پنجاب نے اپنے احکامات پر عمل درآمد کی وجوہات بتانے کیلئے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل شیخوپورہ کو تحریری طور پر طلب کیا لیکن دونوں افسران نے محتسب پنجاب کے جواب طلبی کے احکامات کو بھی ردی کی ٹوکری کی نذر کر دیا ہے۔ وزیراعلیٰ شکایات سیل بھی اس سلسلے میں درج شکایات پر عمل کرانے میں ناکام ثابت ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امامیہ کالونی سے متصل محمود کالونی تحصیل فیروز والا کا مرکزی رضویہ روڈ گذشتہ 6 سال سے سیوریج پائپ لائن بند ہونے کی وجہ سے گندے نالے کا منظر پیش کر رہا ہے جبکہ سیوریج کی صفائی کیلئے درجنوں مرتبہ وزیر بلدیات، محتسب پنجاب، وزیراعلیٰ شکایات سیل، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل شیخوپورہ کو دی جانے والی درخواستوں پر بھی کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ ضلع کونسل شیخوپورہ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ شیخوپورہ کے افسران سیوریج کی صفائی کے نام پر متعدد بار لاکھوں روپے کے فنڈز بھی ہڑپ کر چکے ہیں۔ مقامی افراد نے 2022 میں محتسب پنجاب کو مسئلے کے حل کیلئے درخواست دی جس پر محتسب پنجاب نے سیوریج کی فوری صفائی اور نئی سیوریج لائن اور سڑک کی تعمیر کا حکم دیا لیکن ضلع کونسل شیخوپورہ کے افسران نے محتسب پنجاب کے احکامات کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا اور کارروائی سے انکار کر دیا۔ اہل علاقہ نے 2024 میں محتسب پنجاب سے دوبارہ رجوع کیا اور محتسب پنجاب سے حکم عدولی پر ضلع کونسل کے افسران کے خلاف کارروائی کی درخواست کی۔ جس پر محتسب پنجاب نے ایک موقع اور دیتے ہوئے 15 اکتوبر 2024 کو ڈپٹی کمشنر وایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل شیخوپورہ، چیف افسر شیخوپورہ اور ایکسین ضلع کونسل شیخوپورہ کو 45 دنوں کے اندر اندر نئی سیوریج پائپ لائن بچھانے، رضویہ روڈ کی از سر نو تعمیر و مرمت کے ساتھ ساتھ سیوریج اور گندگی کو صاف کر کے سڑک کو قابل استعمال بنانے اور ہر ہفتے صفائی کرنے کے احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل نے محتسب پنجاب کے احکامات کو پھر ہوا میں اڑا دیا اور محتسب پنجاب کی مقرر کردہ مدت کے بعد بھی ڈپٹی کمشنر اور چیف افسر نے نہ تو سڑک کی صفائی کر کے اسے قابل استعمال بنایا اور نہ ہی سیوریج پائپ لائن تبدیل کی۔ اہل علاقہ نے محتسب پنجاب کی حکم عدولی پر ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل و دیگر سٹاف کے خلاف کارروائی کیلئے محتسب پنجاب کو درخواست دی۔ محتسب پنجاب نے دو مرتبہ ڈپٹی کمشنر اور چیف افسر ضلع کونسل شیخوپورہ سے جواب طلب کیا لیکن دونوں افسران نے محتسب پنجاب کے جواب طلبی کے احکامات کو بھی ردی کی ٹوکری کی نذر کر دیا۔ اس کے علاوہ اہل علاقہ نے وزیراعلیٰ پنجاب شکایات سیل کو بھی درخواست دے دی ہے کہ رضویہ روڈ پر گندگی اور سیوریج کا مسئلہ حل کیا جائے اور وزیراعلیٰ پنجاب کی "ستھرا پنجاب" اور زیرو ویسٹ مہم کی کامیابی میں رکاوٹ بننے والے افسران کے خلاف کارروائی کی جائے لیکن وزیراعلیٰ شکایات سیل بھی اپنے احکامات پر عمل کروانے میں کامیاب نہیں ہو سکا۔

بقیہ نمبر 36

محمد افضل کھوکھر اور احسن افضل کھوکھر کی خصوصی کاوش پر ملک داود کھوکھر کی موجودگی میں یونین کونسل 268 تفصیل رائیونڈ میں 10 لوڈر رکشے فراہم کر دیے گئے، جس پر تمام لیگی رہنماؤں اور عوام الناس نے خوشی کا اظہار کیا، لوڈر رکشے گھر گھر سے کوڑا اٹھائیں گے جس سے ماحول کو صاف رکھنے میں مدد ملے گی۔ شرکا نے سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین اور ڈپٹی سی ای او ذوالقرنین خان کا شکریہ ادا کیا۔ جبکہ شہریوں سے بھی گزارش کی کہ ایل ڈبلیو ایم سی ٹیموں سے تعاون یقینی بنائیں، کوڑا گھر گھر آنے والی ایل ڈبلیو ایم سی ٹیموں کے حوالے کریں۔ صفائی سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں یا سوشل میڈیا کا استعمال کریں۔

بقیہ نمبر 37

پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے پر ڈی آئی جی آپریشنز سے وضاحت طلب کی۔ فاضل جج نے علی امین گنڈاپور کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کرتے ہوئے ملزم کے وکیل سے کہا کہ ہر تاریخ پر آپ استثنیٰ کی درخواست دیتے ہیں، ملزم علی امین گنڈاپور کو پیش نہیں کرتے۔ علی امین گنڈاپور کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ آپ ملزم کی بریت کی درخواست پر پہلے فیصلہ کریں، اس حوالے سے عدالتی حکم موجود ہے۔ جج مبشر حسن چشتی نے ریمارکس دیئے کہ آپ استثنیٰ کی درخواستیں دے کر صرف عدالت کا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں، ملزم کے متعدد بار وارنٹ جاری ہوئے لیکن تعمیلی رپورٹ جمع نہیں کروائی جا رہی۔ عدالت نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل نہ ہونے پر علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے اور عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ کرنے پر ڈی آئی جی آپریشنز سے وضاحت طلب کر لی۔ بعد ازاں عدالت نے کیس کی سماعت 29 جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 38

نے کہا کہ سندھ حکومت خود کچے کے ڈاکوؤں کی کرائم پارٹنر ہے، سندھ حکومت کچے کے ڈاکوؤں کو اسلحہ فراہم کر کے اپنا حصہ لیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو کرپٹ ثابت کرنے کے بجائے عوام کو کچے کے ڈاکوؤں سے محفوظ بنائیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ سندھ حکومت تھر میں بھوک اور افلاس کے شکار بچوں کی زندگیاں بچانے پر توجہ دیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ کراچی کی گلیوں میں ڈکیتی اور رہزنی عروج پر ہے، سندھ حکومت قابو پائے۔

بقیہ نمبر 39

پولیس سمیت مختلف اداروں کے دستوں کی جانب سے نومنتخب صدر کو سلامی دی گئی۔ صدر ٹرمپ نے وفاقی بھرتیاں روکنے کے حکم نامے سمیت متعدد ایگزیکٹو آرڈرز پر دستخط کیے اور سابق صدر جو بائیڈن کے 78 صدارتی اقدامات بھی منسوخ کر دیے۔ ٹرمپ نے امریکا کی پیرس ماحولیاتی معاہدے سے علیحدگی کے آرڈر پر دستخط کیے اور ساتھ ہی مصنوعی ذہانت پالیسی سے متعلق بائیڈن کا ایگزیکٹو آرڈر منسوخ کر دیا۔

بقیہ نمبر 40

درخواستگزاروں نے انتخابات میں حصہ ہی نہیں لیا، اگلی ساعت پر الیکشن کمیشن کو جواب دیں گے، تحریک انصاف کا نشان خان صاحب ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر کی تقرری کیلئے عمر ایوب نے اسپیکر کو خط لکھا، شبلی فراز نے چیئرمین سینیٹ کو پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کیلئے خط لکھا ہے، جب تک نئے چیف الیکشن کمشنر نہیں آتے تب آئینی طور پر یہی کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 41

گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ لاہور کے تجارتی مراکز میں شدید پارکنگ مسائل ہیں جو کاروبار میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں اور گاہکوں کے لیے مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ ان علاقوں میں پارکنگ پلازوں کی تعمیر کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبے کی شمولیت سے اس عمل کو تیز کیا جا سکتا ہے اور جہاں جگہ محدود ہو وہاں روٹری پارکنگ جیسی جدید سہولیات پر غور کیا جائے۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ صنعتی علاقوں اور تجارتی مراکز میں سکیورٹی کو بہتر بنانا اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے ان علاقوں میں سیف سٹی کیمروں کی تنصیب اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی موجودگی پر زور دیا۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ محفوظ کاروباری ماحول معاشی ترقی کے لیے کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور بہتر سکیورٹی اقدامات نہ صرف کاروبار کی حفاظت کریں گے بلکہ سرمایہ کاری کو بھی فروغ دیں گے۔

بقیہ نمبر 42

قلعہ، بادشاہی مسجد، وزیر خان مسجد اور دیگر اہم یادگاروں کا مشاہدہ کیا، جہاں انہوں نے قدیم طرز تعمیر اور ثقافتی ورثے کی خوبصورتی کو قریب سے دیکھا۔ مزید برآں، طلبا نے فوڈ اسٹریٹ پر روایتی پاکستانی کھانوں، جیسے بریانی، نہاری، اور لسی، سے بھرپور لطف اٹھایا۔ اس دوران طلبا نے لوک موسیقی اور روایتی رقص کے شاندار مظاہرے بھی دیکھے، جس نے انہیں پاکستانی ثقافت کی رنگارنگی سے محظوظ کیا۔ دورے کے اختتام پر طلبا نے لاہور کی ثقافتی خوبصورتی اور تاریخی ورثے کو سراہتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کا شکریہ ادا کیا، جن کی سرپرستی اور رہنمائی کے بغیر یہ دورہ ممکن نہ تھا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ اس قسم کے دورے غیر ملکی طلبا کو نہ صرف لاہور کی ثقافت اور تاریخ سے آگاہ کرتے ہیں بلکہ مختلف قوموں کے درمیان تعلقات کو بھی فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں لاہور کو بین الاقوامی طلبا کے لیے مزید پرکشش بنانے میں معاون ثابت ہوں گی۔ یو ای ٹی لاہور کا یہ اقدام نہ صرف پاکستان کی مثبت تصویر اجاگر کرتا ہے بلکہ مختلف قوموں کے درمیان رابطے اور ہم آہنگی کو بھی فروغ دیتا ہے۔ سٹاف ایڈوائزر ڈاکٹر آمنہ نیازی نے دورے کی قیادت کی۔

بقیہ نمبر 43

ایف بی آر کا کہنا تھا کہ بیشتر صنعتی صارفین سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ نہیں ہیں جنہیں ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے نیا قانون لایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں سیلز ٹیکس جنرل آرڈر جاری کیا جائے گا، آرڈر کے تحت بجلی کے بل کی ایک حد مقرر کی جائے گی، یہ لوگ صنعتی بجلی لیتے ہیں اور ان میں بڑے صنعتی یونٹ بھی ہیں۔ راشد لنگڑیال نے کہا کہ سالانہ 25 کروڑ روپے آمدنی والے کو ٹیکس دینا چاہیے، ماہانہ ڈھائی کروڑ آمدنی والے کی ماہانہ کمائی 6 لاکھ تو ہوگی، جب ماہانہ 50 ہزار تنخواہ والا ٹیکس دیتا ہے، تو ان کو بھی دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے لوگوں کا بینک اکاؤنٹ معطل کرنے کا اختیار ایف بی آر مانگ رہا ہے، اکاؤنٹ معطل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان کے کاروبار پر اثر پڑے، 10 کروڑ روپے ماہانہ بجلی کا بل ادا کرنے والے کو پابند بنانا چاہ رہے ہیں، ان کو باقاعدہ طور پر پیشگی نوٹس بھیجا جائے گا۔

بقیہ نمبر 44

لیں اور لوگوں کو تصدیق کریں سب کچھ واضح ہو جائے گا کہ واپڈا اس سیکٹر میں کیا کر رہا ہے۔ واپڈا کے ادارے کا قبلہ درست کیا جائے۔

بقیہ نمبر 45

اس کے تحت معاشی طور پر کمزور نوجوانوں بالخصوص لڑکیوں کو تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے جدید تربیتی پروگرام مزید جائیں گے۔ یہ شراکت داری پاکستان کے نوجوانوں کے روشن مستقبل اور معاشی ترقی میں اہم کردار کی ضامن ہوگی۔ مختلف ممالک میں بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیوں کے لیے کی گئی کاوشیں یونیسف اور مسلم ورلڈ لیگ کی 14 سالہ شراکت داری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے نوجوانوں کی فنی تربیت کے ذریعے اقتصادی ترقی کے امکانات روشن ہیں۔

بقیہ نمبر 46

ہے جب کہ ہم ان بورڈ کا سالانہ ٹیکس ادا کرتے ہیں تاجر برادری کا کہنا ہے کہ اسسٹنٹ کمشنر میڈم نادیہ پروین کی جانب سے تاجر نمائندوں کو کل شام چار بجے تک کا ٹائم دیا گیا ہے یہ ٹائم ختم ہونے کے بعد بلاتخصیص تمام تجاوزات کو ریموو کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 47

شناخت شبیر کی اہلیہ، ایک بیٹا عبدالرحمٰن اور بیٹی مروا کے نام سے ہوئی، جو تینوں چھت گرنے کے نتیجے میں دب کر جاں بحق ہو گئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہ بھی سوات میں ایک مکان کی چھت گرنے سے متعدد افراد زخمی ہو گئے تھے۔ یہ واقعہ ضلع سوات میں مٹہ کے علاقے بالاسور میں پیش آیا تھا، جس میں ملبے تلے دب کر پانچ افراد زخمی ہو گئے تھے۔

بقیہ نمبر 48

شوکت اور اس کے دوست ارسلان لیاقت کو گھر سے گرفتار کیا اور تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے دس لاکھ روپے رشوت کا تقاضا کیا جو ادا نہ کرنے پر انہیں مزید تشدد کا نشانہ بنایا جس پر اس کے بھائی کی حالت بگڑ گئی تو مذکورہ عدالت میں رٹ پٹیشن دائر کئے جانے پر بیلف نے اس کے بھائی اور اس کے دوست کو برآمد کروایا اور میڈیکل میں تشدد ثابت ہونے پر امان اللہ قمر سمیت دیگر پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ کے اندراج کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں تاہم ڈی پی او جھنگ کی جانب سے اس معاملے پر کوئی بھی کارروائی عمل میں نہ لائی گئی ہے اور نہ ہی مقدمہ درج کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 49

سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بھارت میں اقلیتیں عدم تحفظ کا شکار، مقدسات کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، جنونی ہندوؤں کو لگام نہ دی گئی تو مودی کا تختہ دھڑن ہو جائیگا مسلمانوں پر ظلم کی انتہا کر دی گئی ہے، پاکستان کی حکومت بھارتی مسلمانوں پر ہونیوالے مظالم کیخلاف سفارتی سطح پر اقدامات اٹھائے۔

بقیہ نمبر 50

میں پولیس افسران و جوانوں کا ٹرن آؤٹ چیک کیا۔ جنرل پریڈ میں ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر نصر اللہ بھٹی، ضلعی پولیس افسران و ملازمان، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس، پٹرولنگ پولیس اور لیڈی پولیس نے شرکت کی۔ ڈی پی او نے جنرل پریڈ کے بعد امام ٹی شیڈ، میس ہال اور دیگر برانچز کا وزٹ کیا اور ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او نے پولیس افسران و جوانوں کا اردل روم بھی کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ ننکانہ پولیس محکمانہ ڈسپلن کی پابندی کرتے ہوئے پیشہ ورانہ امور مہارت کے ساتھ ادا کریں

بقیہ نمبر 51

التوا مقدمات کی پراگریس رپورٹ کا جائزہ لیا گیا، اچھی کارکردگی پر شاہی چھانی کے سب انسپکٹر شرافت اور مناواں کے اے ایس آئی محمد سعید کے لئے تعریفی سرٹیفکیٹس کا اعلان کیا گیا جبکہ ناقص کارکردگی پر اے ایس آئی محمد افضل اور محمد اشرف کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا خواتین سے زیادتی، ظلم و تشدد اور ہراسگی کے مقدمات کی تفتیش میں کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، خواتین اور بچوں کے جنسی استحصال میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن کا مزید کہنا تھا کہ چالانی تناسب میں بہتری کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، مضبوط چالان مرتب کر کے گنہگار کو سزا دلوائیں، میرٹ پر سمجھوتا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، لاہور پولیس خواتین سے زیادتی اور تشدد کی تمام اقسام کی مذمت کرتی ہے، عوام الناس کو ہر صورت بروقت انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے

بقیہ نمبر 52

متعارف کرانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران مستحقین کو اس بار رمضان نگہبان پیکج کارڈز کی شکل میں فراہم کیا جائیگا تاکہ شفافیت اور آسانی یقینی بنائی جا سکے۔ 15 اسمارٹ پولیس اسٹیشنز 19 فروری تک مکمل کیے جائیں گے، جبکہ کالا شاہ کاکو جوڈیشل اکیڈمی کے لیے 42 ملین روپے کے اضافی فنڈز کی منظوری دی گئی ہے۔ 261 ٹن لوہے کے ذخائر کی ترقی کے لیے 500 ملین روپے کے اضافی فنڈز کی منظوری پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ راولپنڈی اور سرگودھا میں پناہ گاہوں کے قیام اور اٹک میں ماڈل چلڈرن ہوم کی جلد تعمیر کی ہدایت کی گئی ہے۔ اقلیتی برادری کی ترقی کے لیے اقلیتی فنڈ کو دوگنا کر دیا گیا ہے، جبکہ تاریخی چرچ کی بحالی پر کام تیزی سے جاری ہے۔ 1000 ایکڑ پر محیط شرمپ فارمنگ منصوبے کی میپنگ مکمل کرنے کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 53

ججز کی جانب سے خط لکھا گیا ہے، جس میں بینچ کے اختیارات سے متعلق کیس کا ذکر کیا گیا ہے۔ خط کے متن کے مطابق جسٹس عقیل عباسی کو 16 جنوری کو بینچ میں شامل کیا گیا، وہ سندھ ہائی کورٹ میں کیس سن چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق خط میں 20 جنوری کو کیس سماعت کے لیے مقرر نہ ہونے کی بھی شکایت کی گئی اور پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کے 17 جنوری کے اجلاس کا بھی ذکر کیا گیا۔ جسٹس منصور نے کمیٹی کو آگاہ کیا ان کا نقطہ نظر ریکارڈ پر موجود ہے، جسٹس منصور علی شاہ نے کمیٹی اجلاس میں شرکت سے انکار کیا، انہوں نے کہا کہ ان کے آرڈر پر عمل کیا جائے۔ جسٹس منصور نے کہا کہ انہیں کمیٹی میں پیش ہونے کی ضرورت نہیں ہے، کمیٹی پہلے والا بینچ تشکیل دے کر 20 جنوری کو سماعت فکس کر سکتی تھی۔

بقیہ نمبر 54

ہے پاکستان میں لاقانونیت عروج پر اور شہریوں کے بنیادی حقوق سلب کئے جا رہے ہیں، عوام پی ٹی آئی قیادت کیخلاف ہونیوالی سازشوں اور سیاسی انتقامی کارروائیوں سے پوری طرح آگاہ ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کی بجائے پنجاب حکومت سیاسی مخالفین کو کچلنے میں مصروف ہے جو جمہوری اقدار کی کھلی نفی اور آئین کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے جسے پی ٹی آئی مسترد کرتی ہے، غیر موثر معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں ہر شخص پریشان ہے ملک وسائل سے مالا مال ہے لیکن ہمارے ہاں اصل مسئلہ کرپشن، مس مینجمنٹ، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور نااہل لوگوں کو مسند اقتدار پر بٹھایا جانا ہے۔

بقیہ نمبر 55

جواب دیا گیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ تجارتی تنازع کی قیمت امریکا سمیت سب کو چکانا ہوگی۔ یورپی یونین میکسیکو کے ساتھ ٹریڈ ڈیل مضبوط کرنے کا اعلان پہلے ہی کر چکا ہے۔ دوسری جانب یورپی یونین نے ملائیشیا کے ساتھ بھی فری ٹریڈ ڈیل پر مذاکرات بحال کرنے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ نمبر 56

موسم سرما کے کپڑے اور دیگر بنیادی انسانی ضروریات شامل ہیں۔ یہ قافلہ غزہ کی پٹی میں درپیش مشکل انسانی صورت حال کے نتیجے میں متاثرہ خاندانوں کو فوری سہارا فراہم کرے گا۔ یہ غزہ میں امارات کے امدادی آپریشن الفارس الشہم 3 شروع ہونے کے بعد اپنی نوعیت کا سب سے بڑا امدادی حجم ہے۔ مذکورہ آپریشن کے تحت 441 روز سے زیادہ عرصے سے فلسطینی عوام کیلئے امداد فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ امداد 500 فضائی پروازوں، 5 بحری جہازوں اور 2500 سے زیادہ ٹرکوں کے ذریعے غزہ پہنچائی گئی۔ یاد رہے کہ الفارس الشہم 3 انسانی بنیادوں پر ہونے والی ایک بڑی کارروائی ہے جس کے دوران میں کئی طرح سے انسانی امداد پیش کی گئی۔ اس ضمن میں غزہ میں ایک میدانی ہسپتال اور مصر کے شہر عائم میں ایک ہسپتال قائم کیا گیا۔ یہ تنصیبات ہنگامی بنیادوں پر علاج فراہم کرنے اور آپریشنوں کے لیے جدید لوازمات سے لیس ہیں۔ اس کے علاوہ امارات کے ہسپتالوں میں زخمیوں کے علاج اور پانی کی فراہمی کے منصوبے بھی شامل ہیں۔ ان میں سب سے بڑا ڈیسیلینیشن پلانٹ مصر کے شہر رفح میں لگایا گیا جس کی پیداواری صلاحیت یومیہ بیس لاکھ گیلن ہے۔ اس کے ساتھ طیور الخیر کا منصوبہ جس کے تحت ان علاقوں میں انسانی امداد کو فضائی راستے سے گرایا گیا جہاں زمینی طور پر پہنچنا دشوار تھا۔ ان میں اہم ترین غزہ کی پٹی کے شمالی علاقے ہیں۔ا

بقیہ نمبر 57

رپولیس کا علاقے میں ناکہ بندی۔ سرچ آپریشن کا سلسلہ جاری کشمور پولیس نے دونوں مغویوں کو باحفاظت اپنے ورثاء کے حوالے کر دیا۔

بقیہ نمبر 58

جا رہا ہے، جب تک قانونی الیکشن نہ ہو جائیں ان کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کس طرح تحریک انصاف کے وسائل استعمال کر رہے ہیں، ہم نے درخواست کی ہے کہ ان کے تمام اکاؤنٹس فریز کئے جائیں، القادر ٹرسٹ کے حوالے سے جو فیصلہ آیا مجھے بانی رکن کے طور پر اس پارٹی کے لیے افسوس ہوتا ہے۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ ہم نے تو ایسے لوگوں کو پارٹی میں ساتھ لے کر چلنا تھا جن کا ماضی کرپشن سے پاک ہو، آج طرح طرح کے لوگ اس پارٹی پر قابض ہیں

بقیہ نمبر 59

انفرادی حیثیت میں بھی درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔ 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف تمام درخواستوں پر یکجا سماعت کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 60

کے دوران 4 رکنی چور گروہ کو گرفتار کیا۔ ملزمان نے اعتراف کیا کہ رات گئے مختلف علاقوں سے واپڈا کی تاریں و ٹرانسفارمر چوری کر کے فرار ہو جاتے تھے، ملزمان چوری شدہ مال ٹکڑوں میں کاٹ کر دیگر اضلاع میں لیجا کر فروخت کرتے تھے۔ ملزمان میں عمران محمد بخش، عمران، عبدالقیوم شامل ہیں جن سے چوری شدہ واپڈا کی تاریں 2 لاکھ سے زائد نقدی و پستول برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے کہا کہ چور و سنیچر گینگز کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 61

قائدین اظہار خیال کریں گے۔ تکریم شہدائے مقاومت کانفرنس 26 جنوری بروز اتوار کو ہوگی۔ کانفرنس میں مقررین شہدائے مقاومت شہید قاسم سلیمانی، سید حسن نصر اللہ، یحییٰ سنوار، اسماعیل ہانیہ سمیت دیگر شہدائے مقاومت کو خراج عقیدت پیش کریں گے

بقیہ نمبر 62

سے ٹرمپ کی خواہش کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ فروری 2022 سے جاری روس یوکرین جنگ کے حوالے سے پیوتن کا کہنا تھا کہ ہم یوکرین کے ساتھ پائیدار امن چاہتے ہیں۔ تاہم انہوں نے باور کرایا کہ ماسکو روس کے مفادات کی خاطر لڑائی جاری رکھے گا۔ روسی صدر نے مزید کہا کہ وہ تیسری عالمی جنگ سے اجتناب کی ضرورت کے حوالے سے ٹرمپ کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 63

مسمار کر دیئے گئے ہیں، متاثرین کے لیے ہیلی کاپٹرز کے ذریعے اشیائے خورونوش بھیجنے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ ڈپٹی کمشنر کرم کی جانب سے عارضی طور پر اپنی جگہوں سے ہٹنے والے افراد (ٹی ڈی پیز) کے لیے کیمپ قائم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا جس کے بعد متاثرین کے لیے صدہ ٹل اور ہنگو میں کیمپ قائم کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں انتظامیہ کے مطابق ٹل ڈگری کالج، ٹیکنیکل کالج، ریسکیو اور عدالت کی عمارت میں بھی کیمپ قائم کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق کیمپ آپریشن کے دوران آبادی کے تحفظ کے لیے قائم کیے گئے ہیں جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی نگرانی میں ایک کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے۔ دوسری جانب کمشنر کوہاٹ نے کہا ہے کہ ضلع ہنگو میں متاثرین کے لیے کیمپ میں تمام سہولیات فراہم کر دی گئی ہیں۔ خیال رہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اتوار کے روز کرم میں شرپسندوں کے خلاف آپریشن کا آغاز کیا تھا۔

بقیہ نمبر 64

ڈویژن بینچ میں سماعت کریں گے۔ انٹرا کورٹ اپیل میں موقف ہے کہ سنگل بینچ کا فیصلہ غیر قانونی اور غیر آئینی ہے۔ ڈاکٹر غلام علی نے انٹرا کورٹ اپیل میں سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کر کے عہدے پر بحال کرنے کی استدعا کی ہے۔ سنگل بینچ جسٹس بابر ستار نے چیئرمین پی اے آر سی کو چارج چھوڑنے کی ہدایت کرتے ہوئے 15 مارچ 2024 کا آفس میمورنڈم کالعدم قرار دے دیا تھا۔ سنگل بینچ نے قانونی تقاضے پورے کر کے نیا چیئرمین پی اے آر سی تعینات کرنے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ نمبر 65

گزار رہے، نو منتخب امریکی صدر کو عمران خان سے ضرور ہمدردی ہوگی۔ ایک انٹرویو میں مشاہد حسین سید نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کے سسٹم پر انگلیاں اٹھائیں، انہوں نے جرات کے ساتھ سسٹم کی خرابیوں کی نشاندہی کی، امریکی سسٹم کافی کرپٹ ہو گیا تھا، امریکہ جیسے ملک میں آزادی رائے کو سلب کیا گیا، نو منتخب صدر پہلے 100 دنوں میں چین کا دورہ بھی کریں گے، جو بائیڈن بڑا جعلی سا صدر تھا، ڈونلڈ ٹرمپ نے منافقت کے بجائے سچی باتیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ نیتن یاہو جیسے بدمعاش کو ڈونلڈ ٹرمپ نے لگام ڈالی، غزہ میں جنگ بندی ان کی وجہ سے ہوئی۔ انہوں نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو دانشمندی کے ساتھ امریکہ کے سامنے اپنا موقف پیش کرنا ہوگا۔ مشاہد حسین سید نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کا صدر بننا عالمی امن کے لئے بھی بڑا اچھا ہوگا۔

بقیہ نمبر 66

ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ علما دین سرزمین پر روشن ستاروں کی مانند ہیں جن کے کردار اور رہنمائی سے معاشرے میں شرافت، تہذیب اور امن قائم رہتا ہے، موجودہ دور میں دینی تعلیم کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ہم اپنی اسلامی روایات اور تہذیب کو محفوظ رکھ سکیں۔

بقیہ نمبر 67

دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان مذہبی اور ثقافتی خوشگوار تعلقات ہیں، پارلیمانی رابطے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے، دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات علاقائی امن واستحکام کے لیے اہم ہیں۔ پاک ایران تاریخی تعلقات کو تجارتی تعلقات میں تبدیل کرنا باہمی ترقی کے لیے ضروری ہے۔ ایران رکن پارلیمنٹ محمد میرزائی نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ مختلف ثقافتی شعبوں میں تعلقات کو مضبوط کرنے کا خواہاں ہے، محمد میرزائی نے اسپیکر ملک محمد احمد خان کو ایران کے دورے کی دعوت دی۔

کشتی حادثہ، انٹرپول سے 15 انسانی سمگلرز کے ریڈ نوٹسز جاری

انٹر پول کی جانب سے لیبیا‘ یونان‘ موریطانیہ میں روپوش‘ یونان‘ لیبیا اور مراکش کشتی حادثے میں ملوث 15 انسانی اسمگلرز کیخلاف ریڈ نوٹسز جاری کردیے

ملزم نے عامر نامی شہری کو اسپین بھجوانے کے لیے 54 لاکھ روپے لیے تھے جب کہ متاثرہ نوجوان عامر موریطانیہ کشتی واقعہ میں زندہ بچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) موریطانیہ کشتی حادثے میں ملوث انسانی اسمگلرز کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی جس میں اہم پیشرفت بھی ہوئی ہے۔ انٹر پول کی جانب سے لیبیا، یونان اور موریطانیہ میں روپوش، یونان، لیبیا اور مراکش کشتی حادثے میں ملوث 15 انسانی اسمگلرز کیخلاف ریڈ نوٹسز جاری کردیے گئے ہیں۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ٹیمیں ملزمان کی گرفتاری کیلئے ان ممالک میں جائیں گی۔ ادھر ایف آئی اے نے کشتی واقعے کی تحقیقات کے دوران انسانی اسمگلنگ میں ملوث ملزم انصر کو گوجرانوالہ سے گرفتار کرلیا، ملزم نے عامر نامی شہری کو اسپین بھجوانے کیلئے 54 لاکھ روپے لیے تھے جب کہ متاثرہ نوجوان عامر موریطانیہ کشتی واقعہ میں زندہ بچ گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایف آئی اے نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر11)

اثاثوں کی تفصیلات جمع کرانے پر 26 اراکین اسمبلی کی رکنیت بحال

پنجاب اسمبلی کے 68 اراکین کی رکنیت معطل کی گئی ہے‘ جن میں صاحبزادہ غزین عباسی، فرحت عباس، جاوید کوثر شامل ہیں

یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے رکن اسمبلی طارق بشیر‘ اختر مینگل‘ میاں اظہر‘ محبوب سلطان‘ علی قاسم گیلانی‘ طاہر اقبال‘ فرخ الطاف کی رکنیت معطل کی تھی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے اثاثوں کی تفصیلات جمع کرانے پر 26 اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کی رکنیت بحال کردی۔ قومی اسمبلی کے 5، پنجاب کے 14، سندھ اسمبلی کے 3 اور خیبر پختونخوا اسمبلی کے 4 ارکان کی رکنیت بحال کی گئی، الیکشن کمیشن نے 16 جنوری کو اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر ان اراکین کی رکنیت معطل کی تھی۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے رکن قومی اسمبلی طارق بشیر چیمہ، اختر مینگل، میاں اظہر، محبوب سلطان، علی قاسم گیلانی، طاہر اقبال، فرخ الطاف کی رکنیت معطل کی تھی۔ پنجاب اسمبلی کے 68 اراکین کی رکنیت معطل کی گئی ہے، جن میں صاحبزادہ غزین عباسی، فرحت عباس، جاوید کوثر شامل ہیں، اس کے علاوہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سمیت سندھ اسمبلی کے 15 (بقیہ نمبر 12)

منہ بولے بیٹے نے انسپکٹر کو انہی کے پستول سے قتل کردیا

پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا‘ مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کردی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے شیرا کوٹ میں تلخ کلامی کے بعد پولیس انسپکٹر کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے تلخ کلامی پر انسپکٹر سیف اللہ نیازی کو قتل کیا۔ ملزم نے انسپکٹر سیف اللہ نیازی کے پستول سے ہی انہیں قتل کیا۔ قتل کرنے والے نوجوان کو (بقیہ نمبر16)

شیر کا شہری پر حملہ، بریڈنگ فارم کے مالک کے خلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) محکمہ وائلڈ لائف پنجاب نے شہری پر شیر کے حملے کے معاملے پر کارروائی کرتے ہوئے شیروں کے بریڈنگ فارم کے مالک کیخلاف مقدمہ (بقیہ نمبر15)

چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب بابر علاؤالدین کوارشد رانا پنجاب سیڈ کارپوریشن پر بریفنگ دیتے ہوئے

انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ نے (PISP) پر کام کا آغاز کردیا

منصوبہ قومی بجلی پالیسی 2021 اور قومی بجلی پلان 2023 کے تحت تیار کیا جارہا ہے

اسلام آباد (این ای این) انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی)، وزارت صنعت و پیداوار کے تعاون سے، پاور سیکٹر انڈیجنائزیشن پلان (PSIP) پر کام کا آغاز کردیا ہے۔ یہ منصوبہ وزارت توانائی کی ہدایت پر قومی بجلی پالیسی 2021 اور قومی بجلی پلان 2023 کے تحت تیار کیا جارہا ہے، جس کا مقصد درآمدی متبادل، مقامی تیاری میں اضافہ اور (بقیہ نمبر21)

پنجاب‘ خواتین کیساتھ زیادتی واقعات میں اضافہ

معاشرتی بگاڑ کو درست کرنے کے لئے اسلامی طرز معاشرت کو اختیار کرنا ہوگا

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے پنجاب میں خواتین کے ساتھ ہر پندرہ منٹ میں زیادتی کی خبروں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب جو کہ خود ایک خاتون ہیں ان کو خواتین کے ساتھ بدسلوکی کا (بقیہ نمبر 13)

منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی ‘نائیجیرین سمیت 2 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے نائیجیرین باشندے سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ مصطفیٰ آباد پولیس نے (بقیہ نمبر 14)

FBR کا ریونیو شارٹ فال پورا کرنے بارے IMF سے پلان شیئر

پورٹ پر کنٹینرز کلیئرنس، اسمگلڈ سامان آکشن اور انفورسمنٹ صلاحیت میں بہتری کی جائیگی‘ ایف بی آر ذرائع

انڈر ٹیکس سیکٹر سے ٹیکس وصولی‘ عدالتوں میں کیسز کو جلد کلیئر کیا جائیگا‘ رواں ماہ کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کیلئے تمام تر اقدامات کیے جائینگے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے آئی ایم ایف سے پلان شیئر کردیا۔ ذرائع کے مطابق پورٹ پر کنٹینرز کلیئرنس، اسمگلڈ سامان آکشن اور انفورسمنٹ صلاحیت میں بہتری کی جائے گی، انڈر ٹیکس سیکٹر سے ٹیکس وصولی اور عدالتوں میں کیسز کو جلد کلیئر کیا جائے گا۔ آئی ایم ایف وفد کی آمد سے قبل تمام اقدامات پر پیشرفت کی جائے گی، جنوری (بقیہ نمبر17)

چیئرپرسن وزیراعلی پنجاب سیکرٹریٹ بابر علاؤالدین کا پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ہیڈ آفس کا دورہ

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ برائے ایویلوایشن، فیڈبیک، انسپیکشن اینڈ مانیٹرنگ بریگیڈیئر (بقیہ نمبر 18)

چیئرمین الحمران رضی احمد اللہ بخش آرٹ گیلری میں نمائش کے دوران فن پارے دیکھ رہے ہیں

یوسف رضا گیلانی سے سویڈن کی سفیر کی ملاقات

سویڈن کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ تعلقات پر اعتماد کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان کے سویڈن کے ساتھ باہمی احترام، مشترکہ اقدار اور اہداف پر مبنی دوطرفہ تعلقات کو مزید (بقیہ نمبر19)

ہائیکورٹ نے دوہرے قتل کے مجرم کی سزائے موت کیخلاف اپیل مسترد کردی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے دوہرے قتل کے مجرم ظفر اقبال کی (بقیہ نمبر20)

امریکی عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں، محسن نقوی

میں شاہد ہوں امریکی عوام نے ٹرمپ کی صدارت کو زبردست طریقے سے منایا‘ امریکہ میں گفتگو

میں شاہد ہوں امریکی عوام نے ٹرمپ کی صدارت کو زبردست طریقے سے منایا‘ ٹرمپ دور میں پاک امریکا تعلقات کا نیا باب شروع ہوگا

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ امریکی عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ دورہ امریکا میں محسن نقوی نے لنکن لبرٹی ہال میں عشائیے میں شرکت کی اور امریکی سینیٹرز، کانگریس کے ارکان اور اہم شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ محسن نقوی نے سینیٹر ٹومی ٹیوبرویل، ممبر کانگریس کین کلورٹ، سابق برطانوی وزیراعظم لز ٹرس اور گورنر مسی سی پی فلپ برینٹ سے ملاقاتیں (بقیہ نمبر24)

کمشنر فیصل آباد مریم خان میونسپل کارپوریشن کے افسران کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

بددیانتی برداشت نہیں کی جائے گی‘ کمشنر فیصل آباد مریم

انسداد تجاوزات مہم کا دائرہ شہر بھر میں وسیع کیا جائے‘ اجلاس میں حکم

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن مریم خان کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف آفیسر سید علی عباس بخاری سمیت میونسپل (بقیہ نمبر 25)

لاہور سے جدہ پرواز کی فیول کی کمی کے باعث کراچی ایئرپورٹ پر اچانک لینڈ

کراچی (این این آئی) لاہور سے جدہ جانیوالی نجی ایرلائن کی پرواز نے کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی۔ (بقیہ نمبر 26)

ملیر میں فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر رفاہ عام میں ایک گھر میں فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر 27)

نماز کی بے حرمتی پر مقدمہ‘ رجب بٹ کی حفاظتی ضمانت منظور

خدشہ ہے رجب بٹ کو کراچی میں داخلے پر گرفتار کرلیا جائے گا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان کے معروف یوٹیوبر و ٹک ٹاکر رجب بٹ کی حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔ ٹک ٹاکر کے خلاف کراچی میں نماز کی مبینہ بے حرمتی کا مقدمہ درج کیا گیا ہے تاہم رجب بٹ نے پولیس کی گرفتاری سے بچنے کے لئے لاہور ہائیکورٹ میں حفاظتی ضمانت دائر کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ خدشہ ہے ر(بقیہ نمبر22)

ہسپتال سے بچہ اٹھانیوالا ملزم کیمروں کی مدد سے پکڑا گیا

فوٹیجز کی مدد سے ٹریک کرنے کے بعد ملزم کا سراغ لگایا گیا، بچہ والد کے حوالے

گوجرانوالہ (این این آئی) پولیس نے سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ہسپتال سے بچہ اٹھانے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق اسپتال سے بچہ اٹھانے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا ہے۔ گجرانوالہ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے چند گھنٹوں میں بچہ بازیاب کروا لیا گیا۔ بچے کے والد نے شکایت درج کروائی تھی کہ اسپتال سے کسی نامعلوم شخص نے (بقیہ نمبر23)

انٹرا پارٹی انتخابات کیس تحریک انصاف نے جواب جمع نہ کرایا

کیس 30 اپریل 2024 سے چل رہا، تاحال پی ٹی آئی نے تحریری جواب جمع نہیں کروایا گیا، چیف الیکشن کمشنر

درخواست گزاروں کی گزارشات کا جواب آئندہ سماعت پر جمع کروادیں گے، آئندہ سماعت پر تحریری جواب جمع کروادیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات کیس میں تحریک انصاف نے جواب جمع نہیں کرایا۔ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات کیس کی سماعت الیکشن کمیشن آف پاکستان میں سماعت ہوئی، چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی (بقیہ نمبر31)

فیصل آباد۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر شہاب اسلم ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر ستھرا پنجاب کے سلسلے میں غلام محمد آباد کا دورہ کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا غلام محمد آباد کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ خالی پلاٹس کو ترجیحی بنیادوں پر کلیئر کرائیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے صبح کے وقت غلام محمد آباد کا دورہ کیا اور مختلف بلاکس کی گلی محلوں میں جاکر صفائی کی صورتحال چیک کی۔ انہوں نے ویسٹ ورکرز کے یونیفارم میں ڈیوٹی پر موجود ہونے کو چیک کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر29)

سیدال خان کی اقبال جھگڑا سے ملاقات‘ بھائی کے انتقال پر تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے سابق گورنر خیبر پختونخوا اور مسلم لیگ (ن) کے سابق سیکرٹری جنرل اقبال ظفر جھگڑا سے ملاقات کی (بقیہ نمبر30)

ہماری پوزیشن آج بالکل واضح کردی گئی ہے، PTI رہنما رؤف حسن

پانی کبھی سر سے نہیں گزرتا، اگر سزائیں غلط ہوئی ہیں تو سزائیں واپس بھی ہوسکتی ہیں، رؤف حسن

یہ جو ڈونلڈ ٹرمپ ہیں آپ سمجھیں کہ یہ ٹو پوائنٹ او ہیں جس ڈونلڈ ٹرمپ کو آپ نے پچھلی بار دیکھا جو یہ نہیں کرسکے

لاہور (این این آئی) رہنما تحریک انصاف رؤف حسن کا کہنا ہے کہ ہماری پوزیشن آج بالکل واضح کردی گئی ہے، خان صاحب نے خود فرمایا ہے کہ مذاکرات کا اگلا دور ہونے سے پہلے اگر کمیشن بنانے کا اعلان نہیں ہوتا تو بات چیت جاری نہیں رہے گی۔ یہ نہیں (بقیہ نمبر28)

Winter
FESTIVAL

فیصل آباد۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری تنظیم اللسان کے زیراہتمام خصوصی بچوں کے لئے منعقدہ ونٹر فیسٹیول میں شریک ہیں

گورنر پنجاب گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے 23 ویں کانووکیشن کے موقع پر طالبہ کو ڈگری دے رہے ہیں

کاروباری رہنماؤں کو فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کیا جائے‘ راجہ وسیم حسن

لاہور (این این آئی) تاجر رہنما پیاف کے ترجمان وصدر لوہا مارکیٹ شہید گنج لاہور راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ کاروباری رہنماؤں کو فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے سے پالیسیوں کے نفاذ میں بہتری آئے گی اور ایک سازگار کاروباری ماحول تشکیل پائے (بقیہ نمبر 41)

یو ای ٹی لاہور کے بین الاقوامی طلبا کا لاہور کے تفریحی وثقافتی مقامات کا دورہ

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے بین الاقوامی طلبا نے حال ہی میں شہر لاہور کے مختلف تفریحی اور ثقافتی مقامات کا دورہ کیا۔ اس یادگار دورے کا مقصد غیر ملکی طلبا کو پاکستانی ثقافت اور تاریخ سے روشناس کرنا تھا۔ طلبا نے اندرون لاہور کے تاریخی مقامات جیسے شاہی (بقیہ نمبر 42)

سیلز ٹیکس کی مد میں کھربوں کی ٹیکس چوری ہونے لگی

ماہانہ ڈھائی کروڑ کی آمدن کرنیوالی کی کمائی 6 لاکھ تو ہوگی، ان کو بھی ٹیکس دینا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ ملک میں سیلز ٹیکس کی مد میں کھربوں روپے کی ٹیکس چوری کا تخمینہ ہے، ماہانہ 50 ہزار تنخواہ والا ٹیکس دیتا ہے، ماہانہ ڈھائی کروڑ کی آمدن کرنیوالی کی کمائی 6 لاکھ تو ہوگی، ان کو بھی ٹیکس دینا چاہیے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کو بریفنگ کے دوران چیئرمین (بقیہ نمبر 43)

وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھیلتا پنجاب گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے اسٹیڈیم کا معائنہ کررہے ہیں

امریکی صدارت سنبھالتے ہی ٹرمپ کے بڑے فیصلے

ٹرمپ نے وفاقی بھرتیاں روکنے کے حکم نامے سمیت متعدد ایگزیکٹو آرڈرز پر دستخط کردیئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حلف اٹھاتے ہی پہلے روز سابق صدر جو بائیڈن کے 78 صدارتی اقدامات منسوخ کر دیے اور متعدد نئے ایگزیکٹو آرڈرز پر دستخط کر دیے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق حلف برداری کے بعد کیپیٹل ون ارینا میں تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ٹرمپ کے حامیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور (بقیہ نمبر39)

گھر گھر سے کوڑا اٹھانے کا مشن‘ ایل ڈبلیو ایم سی رکشہ سکواڈ شہر میں متحرک

لاہور (این این آئی) سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی کی ہدایت پر شہر لاہور کے ہر گھر سے کوڑا اٹھانے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کے رکشہ سکواڈ تمام یونین کونسلز میں مرحلہ وار متحرک کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعلی پنجاب کے وژن کے مطابق ایم این اے ملک (بقیہ نمبر 36)

اکاؤنٹس بھرنے کی نہیں‘ عمران خان کو یونیورسٹی بنانے پر سزا دی گئی‘ بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو القادر یونیورسٹی بنانے پر سزا دی گئی، انہیں بیرون اکاؤنٹس بھرنے پر سزا نہیں دی گئی۔ ایک بیان میں بیرسٹر سیف (بقیہ نمبر38)



جامعہ نعیمہ سے فارغ التحصیل علماء کرام کا علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی کے ساتھ گروپ فوٹو

اسلحہ وشراب برآمدگی‘ علی امین کے وارنٹ گرفتاری برقرار

اسلحہ شراب برآمدگی کیس کی سماعت سینئر سول جج مبشر حسن چشتی نے کی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے اسلحہ وشراب برآمدگی کیس میں وارنٹ گرفتاری کی تعمیل نہ ہونے پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے ہیں۔ کیس کی سماعت سینئر سول جج مبشر حسن چشتی نے کی، علی امین گنڈاپور کی جانب سے وکیل راجہ ظہور الحسن ایڈوکیٹ عدالت میں (بقیہ نمبر37)

ضرورت نمائندگان
Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار
a LALKAAR
دنیا بھر سے میل / فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354

ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نذر عباس کو او ایس ڈی بنادیا گیا

اس سلسلے میں ایڈیشنل رجسٹرار ایڈمن نے آفس آرڈر جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نذر عباس کو او ایس ڈی بنادیا گیا ہے، اس سلسلے میں ایڈیشنل رجسٹرار ایڈمن نے آفس آرڈر جاری کر دیا۔ ایڈیشنل رجسٹرار نذر عباس کو تاحکم ثانی رجسٹرار آفس کو رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ جسٹس منصور کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے نذر عباس کو توہین (بقیہ نمبر32)

پرویز الٰہی سمیت تمام ملزمان فرد جرم کیلئے عدالت طلب

آئندہ سماعت پر تمام ملزمان حاضر ہوں تاکہ فرد جرم کی کارروائی مکمل کی جاسکے

لاہور (این این آئی) عدالت نے غیر قانونی بھرتی کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر وسابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سمیت تمام ملزمان کو فرد جرم کے لیے طلب کرلیا۔ پنجاب اسمبلی میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں سے متعلق کیس کی سماعت اینٹی کرپشن عدالت لاہور کے جج سردار محمد اقبال ڈوگر نے کی جس میں عدالت نے دیگر (بقیہ نمبر 33)

پنجاب انڈسٹریل ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی اور سولر کمپنیوں کے مابین معاہدوں پر دستخط کیے جارہے ہیں

ہم دنیا کی چھٹی بڑی جماعت ہیں، ہمارا انتخابی نشان عمران خان ہیں، بیرسٹر گوہر

پی ٹی آئی واحد پارٹی ہے جس نے انٹرا پارٹی انتخابات کرائے، پی ٹی آئی کا انٹرا پارٹی انتخابات کا سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جارہا ہے

چیف الیکشن کمشنر کی تقرری کیلئے خطوط لکھ دیے، نئے کے آنے تک یہی کام جاری رکھیں گے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین گوہر علی خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی دنیا کی چھٹی بڑی سیاسی جماعت ہے، تحریک انصاف کا نشان عمران خان ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی واحد پارٹی ہے، جس نے انٹرا پارٹی انتخابات کرائے، پی ٹی آئی کا انٹرا پارٹی انتخابات کا سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جارہا ہے۔ گوہر علی خان نے کہا کہ تحریک انصاف دنیا کی چھٹی بڑی سیاسی جماعت ہے، انٹرا پارٹی انتخابات کیخلاف پانچ (بقیہ نمبر 40)

سیکرٹری زراعت پنجاب سے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اے آئی فورس ٹیک چائنا کی ٹریکٹر ساز کمپنی کے مسٹر ہین وائے کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

محتسب پنجاب اور وزیراعلیٰ پنجاب شکایات سیل ڈی سی شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل کے سامنے بے بس

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل وزیراعلیٰ پنجاب کی ”ستھرا پنجاب“ مہم میں رکاوٹ بن گئے

6 سال سے سیوریج کی وجہ سے بند علاقے کی مرکزی سڑک سے شکایات کے باوجود گندگی صاف کرنے سے انکار

محتسب پنجاب کے دو بار جاری ہونے والے حکم کے بعد جواب طلبی کے دو پروانے بھی ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر نے ہوا میں اڑا دیئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ شکایات سیل اور محتسب پنجاب بھی ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل شیخوپورہ کے سامنے سیوریج کی صفائی نہ ہونے کے سبب 6 سال سے بند سڑک کھلوانے کے معاملے میں ناکام ثابت ہوئے۔ وزیراعلیٰ شکایات سیل پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے جاری کی جانے والی ”ستھرا پنجاب“ کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے عمل درآمد کرانے میں کامیاب نہ ہوسکا اور 6 سال سے سیوریج کی وجہ سے بند محمود کالونی تحصیل فیروزوالا کی مرکزی سڑک رضویہ روڈ کو کھولنے، صفائی کر کے قابل استعمال بنانے اور دوبارہ سیوریج پائپ لائن بچھانے سے متعلق شکایت پر کوئی کارروائی نہ کرسکا جبکہ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ نے اس ضمن میں محتسب پنجاب کے دوسرے حکم کو بھی ہوا میں اڑانے کے ساتھ ساتھ طلبی کے پروانوں کو بھی ردی کی ٹوکری کی نذر کردیا۔ چار ماہ پہلے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ نے کمشنر لاہور کی ہدایت پر سڑک کا دورہ کرکے جلد صفائی کا وعدہ کیا تھا لیکن بار بار یاددہانی کے باوجود ابھی تک اس ضمن میں کوئی پیش رفت نہ ہونے پر اہل علاقہ نے اس ضمن میں محتسب پنجاب سے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ، چیف افسر ضلع کونسل اور متعلقہ سٹاف کے خلاف محتسب (بقیہ نمبر 35)

ایڈیٹرانچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035